انگریزی
کیمل سلکشنس کا
ہندی
ترجمہ

SELECTIONS FROM VARIOUS AUTHORS.

منتخب تصنیفات

لارڈ ولزلی کا خط جنوری کے مہینے کی چو...

تاریخ کا ابھی میرے پاس آپہنچا اُس سے معلوم ہوا کہ ابتک میرے
اتحت کے سند فوجوں کی حکمرانی پر آپ مقرر ہوئے ہیں اور اِس مہینے
کے آخر لگتے سے نکلکر ترلکومالی کو تمھارا جانا ٹھہرا ہی اور اس سے

مقصود یہہ ہی کہ جاوے میں ہی قوم قیچ کی بستی میں جا کر جنگ
کرے - میں فوجاں سمیت جزیرہ سلون کو چھوڑ کر بمبی کی طرف
چل دیا ہوں سو کیفیت کے سُننے سے تکو بہت حیرت ہوگی اور میں
گورنر جنل کے احکام کا انتظار نکر کر ایسی حرکت عمل میں لانے کے لئے
جو سبباں کہ مجھے دامنگیر ہوئے ہیں انکو ظاہر کرنے کے واسطے میں
تکو یہہ خط لکھتا ہوں   مستر قندس کا خط اکتوبر کی
چھٹویں تاریخ کا جو لارڈ ولزلی کے نام سے لکھا تھا اُس کی نقل
گورنر قلعہ مدراس کے پاس سے ساتویں فیبروری کو مجھے آپہنچی
مضمون اسکا یہہ ہی کہ مصر پر حملہ کرنے کے وقت ہند کے فوجوں کا
ایک رسالہ ملکر کام کرنا ہی - سلون میں فوجاں جو جمع پڑے تھے اُس سے
کچھ نیت یہہ تھی کہ اُس طلب کی سربراہی کے لئے بھی مستعد رہیں اِس
صورت میں مجھے یہہ بات ضرور معلوم ہوئی کہ مستر قندس ٹھہرایا
سو قرارگاہ کی طرف میعاً چلا جاؤں اور میں بمبی کو جاتا ہوں کیونکہ
مُجھے معلوم ہی کہ دریاے قلزم میں جہازوں کے آنے کے لئے بہت تعویق
ہوگی اور یہہ جانتا ہوں کہ فوجاں رسد کا احتیاج رکھتے ہیں اور وہ

بمبئی میں ہی بہم پہنچتی ہی اور چاہتا ہوں کہ گورنر جنرل کے احکام میں آخر الامر بحر قلزم کی طرف روانہ ہونے کے مجھے آ پہنچیں
میرا قیاس یہہ ہی کہ چوبیسویں جنوری کو گورنر جنرل بہادر جو نقشہ کہ قرار دئے ہیں اُس میں بہت سا تغیر و تبدل مستر ڈنداس کے خط کے روسے جسکا ذکر اوپر کر چکا ہوں ہونا پڑتا ہی اور سبب اُس کے انکو ضرور پڑیگا یا تو بتاویا کے اوپر حملہ کرنے سے بالکل باز آجاویں یا نہیں تو فوجوں کا دوسرا کوئی رسالہ اُس کام کے لئے روانہ کریں۔ اب میں دریا کے سفر پر چل دیا ہوں حالانکہ اُن کے احکام چوبیسویں جنوری کے میرے پاس آ پہنچے ہیں

ملتے ہیں
دریا
تغیر و تبدل
اگرچہ

P. 6.

خط ۲

جنرل بیرڈ بہت سے خطوط میرے پاس سے تمہارے پاس لائیگا تم اپنے پر اس مہم میں دوم بخشی گری کی خدمت بحال رکھنے کے لئے جو میں چاہتا ہوں اُس کے سبب اُن سے ظاہر ہونگے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر تم خوب خیال کر کر دیکھوگے تو اس باب میں میری رائے کے ساتھ متفق ہونگے یعنے اِس مہم کے لئے مقرر کرنا سو فوج

مختاری

کی کثرت پر نظر کرتے ضرور ہی کہ اس کی سرکردگی کے واسطے ایک
جنرل آفیسر مقرر ہووے اور چستی و چالاکی کی خدمت (یعنے جنگ)
پر روانہ ہونے کے لئے یکبارگی طلب ہو چکی ہی سو عالم میں تمھارے
نام و اعتبار میں قصور نہیں آئے دیگر تمکو دوم بخشی گری کے کام سے بدلا
دینا یا انکہ میری بلا جانبداری اور انصاف کی کارگذاری کو عیب نہیں
لگنے دیگر معمول سرکاری کے موافق تمھارے اختیار پر رکھہ چھوڑنا
احاطۂ امکان سے باہر ہی۔ تم میسور کو الٹ جانے کے لئے طلب کرتے
ہو سو رضا مناسب ہی یا نہیں سو اپنے پاس تجویز کر کر دیکھو اگر تمھارا
کد اس باب میں بحال ہی رہتا ہی تو تمھاری خواہشوں کو اٹک کرنے
نہ میں سعی کرونگا نہ اس سبب سے اپنے دلمیں کچھہ نامہربانی کے خیال کو
جگہہ دونگا۔ مگر میری رائے صائب یہہ ہی کہ تم اچھے طور سے خدمت سرکاری
کی سربراہی دیویں اور اسی حال سے کشادہ پیشانی اور سرگرمی سے
ساتھہ خدمت بجا لاکر اپنی ہمت دلیرانہ اور عزیمت بہادرانہ کو ناموری
سے بحال رکھیں۔ ہنری صحت و سلامتی سے فیبروری کی بائیسویں کو
ایا۔ تم آئندہ ہند میں رہنے کے باہمن ڈیوک آف یورک لکھا ہی سو خط کا

طرفداری

حد

خلاصہ میں ملفوف کر کر بھیجا ہوں

6 ۳

نوٹ

ممالک نظام کی غارتگری کے باب میں لکھا تھا سو خط کا جواب ملکر کے پاس سے آیا۔ وہ بہت عاجزی سے لکھا ہی۔ اور بولتا ہی کہ اورنگ اباد کا صوبہ دار سالہانک دو کھیتوں کا محصول وصول کر لیا ہی انکے نامان لیکر بولتا ہی کہ اپنے ہیں اور کہتا ہی کہ آپ یہہ پیسا مانگنے گیا تھا اس بدنے تھوڑا املا اور یہہ بولتا ہی کہ بستی میں آپ کچھ نقصان نہیں ہونے دیا اور یہہ کہ آپ چلا جاتا ہی۔ اورنگ آباد کے نزدیک اس کے ہیں سو سچ ہی اور خبر ہی کہ شہر میں اس سے کچھ نقصان نہیں ہوا میں سمجھتا ہوں کہ اورنگ آباد سے وہ چھے سات میل سے زیادہ بڑھ کر نہیں گیا ہی

کرنل استیونسن اس مقام سے پچاس میل کے اندر تھا لیکن سیندھیا کے کوچ کی کیفیتاں سنکر اسے لکھا ہوں کہ خبرداری سے آگے بڑھکر جاوے مبادا انکی اس باہم ملی ہوئی فوج کے حملے میں سپرد جاوے یا آنکہ ہولکر کو بتوا دیکر حیدرآباد پر کوچ کرے۔ اور کہا ہوں کہ اس طرفکی روانگی کو بالتخصیص

ہشیاری سے عمل میں لاوے   کرنل بری اٹھارھویں کو یہاں
آویگا۔   پیشوا سیندھیا کو نا ؤ و برار کے راجہ کو لکھا ہی کہ وے
اودے نے کو انکی خواہش نرکھیں   جب میں دیکھا کہ ہمکو اس
سازش و فتور والوں سے مقابلہ کرنا پڑیگا مسٹر ڈنکن کو میں لکھا
کہ کشتیوں کا پل بنا دیوے۔ چنانچہ اس باب میں تفصیل وار ایک
یاد داشت میں اسے بھیجا اس کام کو وہ تھوڑا سر براہ دیا۔ اور حالانکہ
[illegible] شہر کو اور دونوں ٹکڑیوں کو اس سے بچاؤ اور امن رہنے کے
[illegible] وہ نہایت ضروری (کیونکہ اس شہر میں ندیاں ایسے کچھ پیچ در پیچ واقع ہیں
کہ کوئی ان میں کی برسات میں پایاب نہیں رہتی) وہ نہ بنا سکے
[illegible] نے کو خاطر خواہ انتظام دیا نہ دوسرے چیزوں کو جیسا کہ توقع
[illegible] سکنے ویسا جلد بہم پہنچایا۔ اس واسطے مجھے کچھ خیال آیا ہی کہ میں
بمبی کو دوڑا جاوں اور اگر آج شام کو میرے سے ان سرداروں کے
[illegible] میری خاطر خواہ پیشوا کے ساتھ مقدمات کا بندوبست ہو جاسکے تو
صبح ان دو تجویز عمل میں لاؤنگا۔ اٹھارھویں کو پھر میں یہاں آؤنگا اور میرا
ارادہ ہی کہ بعد میں کو نظام کے ملک کے سرحد طرف جاؤں

امید

P. 7

۴

ہرکارہ

منیجر کرک پاٹرک کا خط اِس مہینے کی تیرھویں کا آج ہی کے روز قاصد
لے آیا اُس سے مجھے معلوم ہوا کہ جناب نظام کی صحت مزاج کا حال اُس وقت
نہایت خطرناک تھا۔ اِس کیفیت سے فوج کو پھر بھی ضرور پڑا کہ کشنا تک
چلی جاوے کیونکہ وہاں تک بڑھکر رہنے کی صورت میں فوج کے ہاتھ سے

نجومی

باہیں نہیں یہ بات ہو سکیگی کہ جناب نظام کی رحلت ہوئی سو وقت
اُسکے ممالک میں امن و آرام کو سلامت رکھنے کے لئے ضروری تدبیر جا
کے ساتھ کرے سکے یا آنکہ جنرل ولزلی جو گمان کیا ہی کہ سیندھیا اپنے
پاس ٹھہرایا ہی سو تجویز کو عمل میں لانے کے درپی ہی اگر وہ عمل میں لانے
کی کوشش کرے تو غیر کی یورش سے اُن ممالک کو بچا لینے کے لئے جو

باہتوں

کرنا ہی سو کر لے سکے۔ میں امیدوار ہوں کہ اِن اُمورات میں جناب کی
رائے سے جلد اطلاع پاکر عزت حاصل کروں

P. 7

۵

امرت راؤ کا وکیل ابھی میرے پاس آیا اور بڑی بیقراری سے خواہش
بتلایا کہ میں اُس کے خط کا جواب دوں۔ وہ بولتا ہی کہ انند راؤ ملکر جسونت راؤ

لو لکھا تھا سو خط امرت راؤ دیکھا ہی اور اُس خط میں انند راؤ
ہولکر لکھتا ہی کہ پیشوا مجھے اطلاع دیا ہی کہ امرت راؤ انگریزوں
کے ساتھ عہد نامہ کرکر مِل گیا ہی اور مہاراجہ حکم کیا ہی کہ جسونت
راؤ ہولکر امرت راؤ کو پکڑ لیوے۔ اِس واسطے امرت رائے حیلہ
کرکر سمجھتا ہی کہ اپنی اِس وقت کی حالت مُقام ناسک میں کچھ
آفت سے بھری ہی اور میرے سے چاہتا ہی کہ میں ایک خط لکھ
کر اُسکو اختیار دوں کہ وُہ اپنے بچاؤ کے لئے یا تو سنگم نایر کو
چلا جاوے یا اِس خیمے کو آوے یا یہہ کہ وُہ اپنی حفاظت کے
لئے بس آئے اُتنے فوجاں زیادہ کرنے کی بات کو میں قبول
کر لوں اُس کے درجواب میں بولا کہ مجھے
صاف نظر آیا کہ امرت راؤ کی حالت تنگ ہی لیکن میرے
ہاتھ سے کچھ نہیں ہو سکتا ہی سِوا اِس بات کے کہ پیشوا
سے درخواست کروں کہ اِس خط کا جواب کیا دینا سو بیان کر
اور یہہ بولا کہ اگر میں اُس کو سنگم نایر کو جانے کے لئے تجویز
بتلاؤں تو گمان ہی کہ پیشوا کی فوجوں سے اُسکو تصدیع پہنچے

اور اگر یہاں آنے کی تجویز دوں تو پیشوا اُس کی تقصیر عفو کرنے پر راضی نہیں ہونے کی صورت میں مجھے ناگزیر پڑیگا کہ پیشوا کے پاس سے کچھ عہد و پیمان نہیں پاکر پڑے رہنے کے واسطے یا الٹ کر چلے جانے کے لئے اُسکو مجبور کر دوں اور یہہ بولا کہ سوائے اُس کے جس شخص کو پیشوا دشمن سمجھتا ہی اگر میں اُسکو اپنے ڈیرے میں بطور دوست کے آنے دوں تو راجہ کو میرے پر گلہ کرنے کے لئے سبب ملیگا وہ اپنے فوجاں یاد کرنے کی بات پر میں راضی ہونے کے لئے اُسکا جو اظہار ہی میں اس امر کی تجویز نہیں بتلاؤنگا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ بستی کو لوٹ کر اُنکی سربراہی کرنا اُسے لازم پڑتا ہی اور یہہ امر اُسکو فقط تباہی مصیبتوں میں گرفتار کر ڈالیگا

پیشوا کی پہنچ ہو سکتی ہی سو مقامات میں یعنے پونہ وغیرہ میں جہاں امرت راؤ کے نوکر رہتے ہیں لوٹ لپاٹ جو ہوا کرتی ہی اس باب میں وکیل تکرار کیا۔ اُس کے جواب میں میں بولا کہ بھایاں آپس میں جو دشمنی رکھتے ہیں اُسکا نتیجہ یہہ مصیبت پڑی

معاف
ضرور
پھل

ہی اور اسکا علاج فقط یہہ ہی کہ وے بایکدیگر صلح کر لیویں وکیل
درخواست کیا کہ ہم انکے بابمیں دخل دیویں۔ میں اسکا جواب دیا
کہ اس کام سے کچھہ پھل خوبی کا نہیں ملیگا اور اغلب ہی کہ پیشوا
بولیگا کہ ہم اسکے دشمنوں کو دوست بنالیے۔ وکیل تب بولا ہم
اس کا عوض کر سکتے ہیں اور لوگوں کو اپنے تحت اقتدار میں رکھے
ہیں جنسے بدلہ لے سکتے ہیں۔ میں جواب دیا کہ اس بات کو میں
مناسب نہیں جانتا ہوں کیونکہ یہہ بات امرت راو میرے ساتھہ
جو عہد وپیمان کہ کیا ہی ان کے خلاف پڑتی ہی چنانچہ بسبب ان
ہی عہد وپیمان کے میں پیشوا کے ساتھہ اس کو صلح کرا دینے
کا ذمہ لیا ہوں اور سبب اصلی اس امر کا اس کی خواہش پر
ہی کہ راجہ اسکی تقصیر معاف کرے پس اسکے نوکر چاکر اور علاقہ
داروں پر پرورش کرنے سے وہ خواہش بطوری سے ظاہر کیے
سر رکھا ہوتا ہی۔ بہت سی باتوں پر نظر کر کر دیکھنے سے یہہ امر نہایت
پسندیدہ معلوم ہوتا ہی کہ اس شخص کو جواب جلد ملے اور اس
امر کو ایکطور پر ٹھہرا دینے کے واسطے اگر آپ کد کر کر پیشوا سے

حکم میں

درخواست کریں تو میں آپکا ممنون ہونگا

P. 8.

۶

کل مجھے اخبار پہنچے کہ ہولکر شمال کی طرف کوچ کیا ہی اُس کے لشکر میں بول لیتے ہیں کہ تپتی اور نربدہ پار ہوکر برسات ہوئے تک ہولکر کے ملکوں میں اقامت کرنے کی اُسکی نیت ہی۔ یہہ بھی پکارا ہی کہ شمال کی طرف جو وہ کوچ کیا اُسکی نیت یہہ تھی کہ سیندھیا اور برار کے راجہ کے پاس جا پہنچے۔ امرت راؤ کا وکیل جو اِس خیمہ گاہ میں ہی آج مجھے خبر دیا کہ ہولکر تپتی پار ہوچکا اور اُس کا ارادہ ہی کہ تپتی اور نربدہ ندیوں کے مابین واقع ہی سو گجرات کے قطعے میں داخل ہووے۔ یہہ بات یقین ہی کہ وہ چاندور کے ہمسائے میں سے بیٹھے بیٹھے نکل کر لپنے لپنے اور زور کے منزلاں مارتا ہوا چلا گیا اور جو آدمی اور جو چیز کہ اُس کی رفاقت نہیں کرسکی اُسکو پیچھے چھوڑ دیا۔ مجھے معلوم ہی کہ شمال کی طرف ساتویں کو برسات شروع ہوکر آٹھویں نویں اور دسویں کو بڑے زور سے برستا رہا اور میں" سمجھا کہ اِسطرح زور کے منزلاں مارنے سے اُس وقت اُسکی نیت

بتری لتاڑ

لتاڑ

یہہ بھی کہ تپتی کی ندی پور ہونے کے آگے اس پر سے پار ہو جاوے
اور پور ہونے کی بات وہاں بہت اغلب رہیگی

میں سمجھتا ہوں اگر ہولکر تپتی پار ہو چکا ہی تو کچھ سازش اور
فتور باقی نہیں رہیگا - تپتی کے جنوب طرف واقع ہی سو گجرات
کے قطعے میں چودھویں کو میں تمھارے پاس روانہ کیا سو کیفیت
کے بعد پھر کچھ تازی کیفیت یورش وتاخت ہونے کی نہیں
ہی اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے قیاساں اس باب میں صحیح ہیں

P. 9

ے

میں مناسب سمجھتا ہوں کہ کل کے روز میرا ایک ہرکارہ لیکر آیا سو خبر
میں تمکو بیان کروں - وہ بولتا ہی کہ ہولکر اور میرخاں کی نوکری
میں کچھ حظ اور ربینا نہیں رہنے کے سبب سے میرخاں کے ماتحت تھی

پڑھ

سو فوج کے چہار ہزار پٹھان تمبھدرا کے جنوب طرف کی بستیاں
یعنے کرتپے وغیرہ میں اپنے اپنے گھروں کو الٹ جانے کا حیلہ کر کر لشکر
سے نکل گئے - گوداوری کے کنارے ہی سو مقام توکا تک لشکر
سے ہرکارہ انکے ساتھ لگا آیا وہاں وے سنے کہ میں ندی کی

محافظت کے لئے مقام ٹونکا میں میسوری سواروں کے رسالوں کے
ساتھ نوازوں پر ایک پہرہ رکھا یا ہوں وہاں سے الٹ گئے اس
ارادے سے کہ نظام کے ملکوں میں پٹن کے تل گھاٹ جا کر ندی پار
ہووے۔ انکی نیت یہہ تھی کہ آپسمیں بکھر جا کر اور چھوٹی چھوٹی ٹکڑیاں بنکر ان
ملکوں میں سے پار ہو جانا۔ انکی تلاش میں میں لوگوں کو روانہ کیا
ہوں۔ اگر میں ان تک پہنچ سکوں تو انمیں سے تھوڑوں کو پکڑ لینے
سعی کرونگا مگر گمان ہی کہ وے میرے سے دور ہی رہینگے۔ انکے
ہمراہ ہی سو بڑے سردار کا نام عبداللہ خاں ہی اور وہ کرپے
کا باشندہ ہی۔ اتفاق ہی کہ وے اپنی کیفیت جو بولے ہیں تحقیق رہے
یعنے وے اپنے اپنے گھروں کو جاتے ہوں کیونکہ یہہ بات بہت یقین
ہی کہ ہولکر کے لشکر میں علی الخصوص میرخاں کے علاقے کی فوج میں
تصدیع و تکلیف بڑی ہی۔ دربنو لا کرنل سٹیونسن کا ہرکارہ ایک
خط لیکر جب اسکے پاس گیا تھا دیکھتا کیا ہی کہ مسلح جوانان اسکو
گھیر لئے ہیں بعض انمیں کے اپنی اپنی تلوار اور کتار اسکے حلق سے
لگا کر ڈرا رہے ہیں کہ اگر ہمارے طلبوں کا فیصلہ کرنے کے لئے

حفاظت — چھوٹنا — مخصوص — مسلح

پہنچانہ لاوے تو مار ڈالینگے پھر مجھے اخبار پہنچے ہیں کہ اسکو اس
طرح ڈرائے سو یہی پہلے مرتبہ نہیں - لیکن پھر خیال کر کر دیکھنے سے (دفعہ)
اس بات کا اعتبار کرنا غیر ممکن نظر آتا ہی یعنے میرخاں یا ہولکر
جتنی کہ سیندھیا ان پٹھانوں کو جو مرہٹے کی فوج میں بہترین سپاہ (یہاں تک کہ)
ہیں جانے دیوے کیونکہ اب اتفاق ہی کہ کمپنی کی گورنمنٹ کے
ساتھ جنگ ہووے یا یہہ کہ ہولکر اور سیندھیا کے مابین جنگ
کا سلسلہ باقی رہے اگر کمپنی کے ساتھ جنگ ہو تو دوسری بات
تو ہونا لازمی ہی (ضرور)

P. 10

۸

آج کی صبح کو خط لکھکر تمھارے پاس روانہ کئے کے بعد تمھارا خط
تیرھویں تاریخ کا مجھے آپہنچا - اگر بیلاں والے جنکی ذکر تم کئے
ہو اورنگ آباد سے بڑھکر جانے کے واسطے بالکل انکار کرتے
ہیں تو سب سے بہتر اور واجب یہہ معاملہ ہی کہ فی چکر گیارہ (سپتا)
روپے کے حساب سے انکی مزدوری دیویں پس مخصوص جو میں
یہہ تجویز بتلاتا ہوں سبب اسکا یہہ ہی کہ اگر چکر کے حساب سے

انکو مزدوری پہنچی تو اُمید ہی کہ مہواری مزدوری لینے کی صورت
میں جتنے رُوز کہ وے راستے میں رہ جاتے تھے اُسکی نسبت کرتے
کم رہینگے لیکن ہو سکے تو اورنگ آباد سے کچھ بڑھ
کر اپنے جانوروں کو لیجانے کی بات پر اُنکو لانا اچھا ہی اور اُس
سبب سے میں مستحسن جانکر تم سے کہتا ہوں کہ کرنل استیونسن کی
ٹکڑی تک مہواری اُجرت لیکر جانے کے لئے تم اُن سے کہو بشرطیکہ
وے نظام کے ملکوں کو نہ چھوڑ دیویں
اگر وے اِس بات پر راضی ہو ویں تو میں مناسب جانکر بولتا
ہوں کہ سب صورتوں میں اُنکو چاول کے ساٹھ گڑ کے حساب سے
مزدوری ٹھہراکر اورنگ آباد کو روانہ کیا چاہیے کیونکہ چاول
اِس بستی میں جا کر پڑے سو وقت اگرچہ فی چہار سیر ایک
روپیہ کے قریب خرچہ پڑیگا اُسکے اطراف و نواح میں بھی اِسقدر
تھوڑے سے مل سکتے ہیں اور یہہ کہتا ہوں کہ اِس قیمت
کو بھی روانہ کرنا ہی

نیک

آج کو صبح کو میں اپنی نیت کے موافق روانہ نہیں ہوا کیونکہ میں رات
کو سنا کہ ہولکر اس طرف کا قصد کر کر تین منزل آچکا ہے اور میں مناسب
جانا کہ آج ٹھہر جا کر اس خبر کو تحقیق کر لوں۔ میری دریافتوں کا نتیجہ یہ
کھلا کہ وہ نظام کے سرحد طرف کوچ کیا ہے اور بیسویں تاریخ کو گوداوری
سے آٹھ کوس کے قریب ایک مقام میں تھا جو ہولکر کے اور نظام کے
اور سیندھیا کے ملکوں کے سرحد سے کچھ فاصلے پر ہے۔ اس روز اس
کو اماجی انگلیا کے ساتھ ملاقات ہونے نہ پائی احتمال ہے کہ اس ملاقات
سے ہولکر اور سیندھیا کے مابین صلح ہو جاوے اور ایسا کہتے
ہیں کہ اماجی انگلیا اور برار کے راجہ کے پاس کھنڈی راو ہولکر نامی لڑکے
کو روانہ کیا وہ لڑکا سیندھیا اور ہولکر کے مابین آپسمیں لڑنے
کے واسطے ایک فساد کی بنا پڑا ہے اور اس کیفیت سے صلح کے باہمی
ہونے تھے سو جواب و سوال میں تعویق پڑیگی۔ اگر پیشوا یہاں سے
تک اور نظام کے سرحد کو بچا لینے کے واسطے ہم اچھی جگہہ بلکہ لے سکے
تک فقط وے ڈھیل کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہر ایک چیز اچھے طور
انجام پاویگی　　میرا ارادہ ہے کہ صباح پہاڑوں کی طرف کوچ کروں

فساد کی خبر

ڈھیل

P.11

مجھے خبر پہنچی ہے کہ جسونت راؤ ہلکر اورنگ آباد اور دولت آباد
کے نزدیک نظام کے ملکوں میں داخل ہوا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں
کہ نظام کے سرحد کے اندر اپنے خاص گاؤں کے نزدیک فقط وہ
ڈیرہ دیا ہے مگر بہرحال نظام الدولہ کی نوکری میں ہیں سو سرداراں
کرنل اسٹیونسن کے کوروں کے ساتھ جناب نواب کے ملکوں کی
حفاظت کے باب میں بہت ہراساں ہیں اور انکے بچاؤ کے لئے
کچھ تدبیر کرنے کے واسطے بجد ہوکر درخواست کئے ہیں
پیشوا دوسری تاریخ پونے کو آئیگا اور اغلب ہے کہ اسکے
ساتھ کے فوجاں بعد از انک دو روز میں آوینگے۔ میر خاں ہولکر
کے یہاں کا سردار جسکے حکم میں اسکی فوج کی سب سے بڑی ٹکڑی ہے
جناب نواب کی نوکری میں داخل ہونے کے واسطے اب تک جواب
وسوال کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ پس سے کی دوسری کو ہمیشہ
سنے زیادہ پونے میں ہمارے پاس فوج رہیگی اور ہماری مہم
کا ایک بڑا مطلب حاصل ہوگا اگر ہولکر میر خاں کی بغاوت سے

گھبرائے

بدل جانا

کم زور ہو جاوے تو بھی اسکا اعتماد اس سردار کے حق میں متزلزل ہو ویگا ان صورتوں میں ہم مناسب جانکر کرنل استیونسن سے درخواست کیا کہ نظام کے لشکر اور گرد ون میں ہی سو کلی فوج کو جمع کر لیکر شمال کی طرف تین چار منزل کوچ کرے۔ اگر وہ دیکھے کہ ہولکر سرحد پر ہیں سو کھیڑوں کو اسی طور پر فقط لوٹ رہا ہے جیسا کہ سرحد پر پہنچے سو ہر ایک سردار کے ہاتھ سے ہر سال وے لوٹتے جاتے ہیں تو بڑھکر نجاوے بلکہ اگر وہ دیکھے کہ ہولکر نظام کے قلعۂ دولت آباد یا اورنگ آباد میں سے کسی پر بھاری حملہ کر رہا ہے تو اسکو چاہیے کہ جلدی کر کر انکے بچاؤ کے واسطے جاوے

P.11

۱۱

تمھارے خطوط بارھویں اور چوبیسویں تاریخ کے کل کی رات مجھے پہنچے ان میں کا پہلا خط خطا سے مدراس کو روانہ ہوا تھا کرنل کلنس کا خط اپریل کی پچیسویں تاریخ کا جو گورنر جنرل کو لکھا تھا اسکی ایک نقل میں اس میں ملفوف کر کر بھیجا ہوں اس میں بعض بھاری

مقدمے کا بیان داخل ہی۔ کرنل کلنس کا مخفی خط جو میرے نام سے
آیا اُس میں ہولکر اورنگاباد پر چڑھ جانے کی کیفیت کے سوا
اور کچھ نہیں ہی اِس کیفیت سے تو میں تمکو آگے ہی اطلاع دے
چکا ہوں۔ کرنل کلوز کے خط کا خلاصہ بھی اُس کے ساتھ ملفوف
کیا ہوں سیندھیا برھانپور سے کوچ کرنے پر ہی اگر یہ بات
تحقیق ہو تو اُس وقت کیا تدبیر عمل میں لانا سو اُس بابمیں کرنل
کلوز اپنی راے اُس خط میں بیان کیا ہی
میرا قیاس یہ ہی کہ سیندھیا پونے کی طرف روانہ ہوویگا سو
بات کسی صورت میں سچ نہیں بلکہ اغلب یہ ہی کہ وہ اسطرح سے
کوچ کرنے کی نیت رکھا ہی سو کیفیت جو چو طرف پھیلی ہی فقط
ہمکو یا نظام الدولہ کو ڈرانے کے لئے ہی بہر حال سیندھیا پونے
کی طرف روانہ ہوا سو وقت کیا کرنا سو اِس بابمیں آگے ہی تدبیر ٹھہرا
کر رکھنا اچھا ہی
مجھے خوب یقین ہی کہ پیشوا جب ادھر آویگا اُسکی (یعنے سیندھیا
کی) فوج کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے یہاں رہینگی سو فوج بہت زیاد

ہی چنانچہ اُسکی تفصیل میں اِس میں ملفوف کیا ہوں میرے قیاس میں
یہہ بھی اتا ہی کہ ہولکر یا سیندھیا یورش کئے سو وقت نظام کے
ملک کو بچانے کے واسطے کرنل ستیونسن کی ٹکڑی اور نظام کا لشکر
بہت بس ہی۔ اگر دونوں ایک ہوکر نظام کے مُلک پر حملہ کریں
تو کرنل ستیونسن اور ریں باہم ملکر اُس ملک کے بچاؤ کی خاطر کام کرنا پڑیگا
اور آوارہ گردوں یعنے لٹاروں سے پیشوا کی ذات کو محفوظ
رکھنے کے لیئے پونے میں بس آئے اُتنی فوج بھی چھوڑنا پڑیگا دوسری
بات یہہ ہی کہ اگر دونوں پونے پر چڑھہ آویں تو کرنل ستیونسن
کو پونے نزدیک آنا لازم ہوگا

۱۲

تمہارا خط دوسری تاریخ کا مُجھے آپہنچا اور اُسی تاریخ تم گورنر
جنرل کو لکھے تھے سو خط کی نقل اور اُسکا ملفوفہ تم اُس خط کے
اندر ملفوف کرکر بھیجے تھے جسونت راؤ ہولکر نظام کے مُلکوں میں
یورش ناگہانی کیا سو کیفیت سُنتے ہی اُنکے بچاؤ کی خاطر جو
تدبیر کہ میں عمل میں لایا اُنکا خیال کرنے سے مجھے بڑی خوشی

حاصل ہوتی ہی اگرچہ اِسطرح سے عمل میں لانے کے لئے مجھے ناگزیر پڑا کہ جناب نظام اور اُس کے وزراے والا مقام افواج متفق کے باب میں پسند کر رکھے سو انتظام کے خلاف کروں۔ کرنل استیونسن کے کوچ کرنے کے با بمیں صادر ہوئے سو احکام کی تاریخ اپیرل کی اٹھائیسویں ہی

یہہ آفت ہی کہ جناب نظام کے ملکات ایسے مقامات میں واقع ہیں کہ مرہٹے یورش کر کر لوٹ لے سکیں حضور میں یہہ بات البتہ روشن ہوگی کہ کسی فوج کی طاقت نہیں جو انکا بچاؤ پورا کر سکے۔ جن مقامات میں کہ بہت سی دولت جمع رہتی ہی اور وے بے بچاؤ رہیں تو البتہ آفت اٹھانا ہی پس اِس صورت میں مناسب یہہ ہی کہ حضور عمدہ اور مالدار بستیاں جیسے اورنگاباد جو ملک کے اخیر سرحد میں واقع ہی انکے بچاؤ کی خاطر جلد کچھ تدبیر ٹھہراویں۔ مرہٹے حاکموں کے ساتھ جنگ واقع ہونے کی صورت میں لازم تو یہہ ہو ہی کہ حضور کے تمام ملکوں کے بچاؤ کے لئے کام کریں مگر

فوج کو نا گزیر پڑتا ہی کہ بعض اُن مُقامات کو دور چھوڑ دیوے اور اِس قبیل کا ہر ایک مُقام فوج سے دور پڑ جانے سے اور وہاں کچھ اسباب بچاؤ کا مہیا نہیں رہنے کے سبب سے قابلِ غارتگری کے بن جاتا بلکہ غالباً لوٹا جاتا ہی

طرح
لُٹ جانا

P. 13

۱۳

میں چاہتا ہوں کہ تمکو مخصوص اطلاع کر رکھوں کہ جب تم گجرات کو جاؤگے جھوٹھے خبروں کے طومار تمھارے پاس پہنچینگے میجر واکر ہرکاروں کو باہر روانہ کرتا اور وے اُلٹ آکر جیلیا جی میں آتا و یسا بک بیٹھتے ہیں اور وہ تمام قیدِ قلم کرلیکر میجر ڈنکن کے پاس بھیج ڈالتا اور یہہ اُسکو جیو طرف مشتہر کرتا۔ اکثر ابواب میں میجر واکر کو معلوم ہوا کہ اپنے ہرکارے جھوٹھہ بولے ہیں لیکن مجھے شک ہی کہ وے جھوٹھی خبر لائے سو وقت سزا پاتے یا تحقیق اور دوسرے امور یا اخبار کے ساتھہ مطابقت رکھنی والی خبر لائے سو وقت اِنعام پاتے ہیں یا نہیں

اب حال میں ایک کیفیت چلی وہ قاصد بیان کر گئے کہ آپ نجفی میں
ہلکر کے لشکر کو گئے تھے اور جس روز کہ وے اسکے لشکر کو دیکھے
ہیں بولے اس روز وہ یقیناً میسور میں تھا۔ وے قسم کھا کر یہہ
بھی بولے کہ وہ ایک لاکھ ساٹھہ ہزار گھوڑے بہت سی توپیں
اور جنگی اسباب رکھتا ہی مگر یہہ بات خوب تحقیق کو پہنچی ہی
کہ ہولکر کے جانور بہت سے ضایع ہوئے چنانچہ اسکو ضرور پڑا کہ
اپنے توپوں اور لشکری اسباب کو پیچھے چھوڑ دیکر دفن کر ڈالے
اور اسکے گھوڑوں کے بابت یہہ کیفیت ہی میں خوب جانتا
ہوں کہ اس کے عمدہ رفیقاں یعنے میر خاں اور ناگو جیو اجی
مالوہ کو گئے ہیں اغلب ہی اس نیت سے کہ اپنی فوجوں کی پرورشی
کے لئے مقرر رہیں سو بستیوں کو اپنے احاطۂ تصرف میں لاویں
میں ان کیفیتوں کو فقط اسلیئے بیان
کیا تا تمکو معلوم ہووے کہ سزا کا کچھ اندیشہ یا انعام کی کچھ امید نہیں
رکھنے والے لوگ بیان کرتے سو نقل و حکایت پر بہت کم اعتماد
رکھنا ہی اور دوسری ایک حقیقت میں تم سے بیان کیا چاہتا ہوں

کہ چالاکی سے فایدہ کیا ہوتا ہی سو تم پر ظاہر ہووے

جنگ شروع ہوئے بعد کرنل اِستیونسن سیندھیا کے اؤر راجہ برار

کے مِلے ہوئے فوجوں کے ساتھ آپ تن تنہا مقابلہ کرتا رہا مجھے

یقین ہی کہ میجر والز کو خبر پہنچی کہ اُن فوجوں میں دو لاکھ آدمی

ہیں۔ مرہٹے کا کوئی سوار بھی نظام کے ملکوں طرف پھٹک نہ سکا

اؤر کرنل اِستیونسن تیویسویں تاریخ کو مرہٹوں کا ہاتھ اُن ہی پر

صاف کیا یعنے انکی رسدوں کو گولا لات کر ڈالا

P.13

۱۴

سیندھیا اؤر برار کا راجہ نظام کے ملکوں میں داخل ہو کر فقط

سواروں کی فوج کے ساتھ کرنل اِستیونسن کے لشکر پر سے ہوتے

ہوئے گذرے اُنکا ارادہ ہی کہ آج گوداوری پر رہیں۔ اگر

ندی پایاب رہی تو جنوب طرف پار ہو جا سکتے ہیں اؤر میں تمکو اِطلاع

دیتا ہوں کہ تمھارے تھانے اپنے گھیرے میں تیار رکھو اؤر اُن

سے بولو کہ وے وہاں آویں تو اُن سے مقابلہ کریں۔ وے فاقے

کرکے کھینچ رہے ہیں اُنکے لشکر میں روپے کو آدھی سیر تیار آتا

اور اناج بکتا ہی کیونکہ باشندگان جب دیکھے کہ انکے ساتھ توپاں نہیں
اور انکے گھوڑے دیواروں پر سے پھاند کر نہیں آسکتے انکی پہلی
درخواست پر اپنے اپنے مالوں کو انکے حوالے کر دینے راضی نہیں
ہونے اور انکو فرصت بھی نہیں کہ کسی مخصوص جاے میں دیر تک
ٹھہریں مجھے خبر پہنچی کہ مہتاب خاں نامی ایک شخص جو آگے
ٹیپو کے یہاں نوکر تھا اب راجہ برار کی طرف سے کرپے میں سواروں
کی بھرتی کے لئے مامور ہوا ہی اغلب ہی کہ تمکو اسکا کھوج لگیگا اور
میں بولتا ہوں کہ تم اسکے ساتھ جیسا پیش آتا ہی ویسا پیش آؤ
میں التماس کرتا ہوں کہ تم وردیلے کے بنلوں کو نوکر
رکھو۔ اُن بنلوں کے باب میں میں جنرل کیمل کو لکھتا ہوں
مجھے اُمید ہی کہ انکے ہزارہا گھوڑوں کو چند روز
میں ایک ٹھوکا پہنچاوں بشر طیکہ میرے قسمت سے گوداوری معمول
سے چھے ہفتے آگے پایاب ہوجاوے

مقرر

تم سُنے ہونگے کہ دولت راو سیندھیا اور راجہ برار اس مہینے کی

چوبیسویں کو ارجنتی گھاٹ پر سے نظام کے ملکو نہیں داخل ہوے۔
اسکے بعد وے فقط سواروں کے ساتھہ کچھہ آگے بڑھے ہیں
میں سمجھتا ہوں کہ آج کے روز گوداوری کی ندی پر رہینگے۔
پکار ا ہی کہ وے حیدرآباد پر کوچ کرنے کی نیت رکھے ہیں مگر میں
صباں اپنے سواروں کے ساتھہ ندی پر رہونگا بشرطیکہ میں جانوں
کہ آج وے وہاں گئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ندی پایاب نہیں
رہنے کی صورت میں اغلب ہی کہ وے اسپر عبور کرنے کی کوشش
نہیں کرینگے۔ میں ندی کو چھوڑا اسو روز وہ بہت چڑھاؤ پر تھی
اور پایاب نتھی۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اب اسی حال پر ہوگی
اگر یہی ہو تو میں اور دشمن اسپر سے پار ہو وینگے اگرچہ میں
اقرار نہیں کرسکتا ہوں کہ وے حیدرآباد کو جاتے ہی میں بھی
لگے ہاتھہ پہنچونگا مگر میں تمکو بہ یقین بولتا ہوں کہ میں رستے میں کچھہ
وقت نہیں کھوونگا۔ مجھے امید ہی کہ انپر اس طور سے جلدی
کرونگا کہ انکے ہاتھہ سے صوبہ دار دکھن کے ملکو نہیں کچھہ نقصان
عظیم ہونے کی فرصت انکو نہ ملے۔ وے اپنے پنداروں کو اس

پار ہونا

بستی میں پھیلادے مگر اِن کے ہاتھہ سے یہاں کچھہ زیادہ نقصان
پہنچا سو نظر نہیں آتا۔ جالناپور کے سرحد میں واقع ہیں سو سیندھیا
کے قصبات میں وے اکثر گئے ہیں اور رودی پور کا عملدار اپنے
کھیڑے میں اُن سے مقابلہ کرکر کامیابی کے ساتھہ ہٹا دیا اور انکو
اِس امر میں خوب نصیحت بخشا پھر میں راجہ محبت رام سے کہا کہ "
گوداوری کی دونوں طرف ہیں سو بستیوں کے باشندگوں کو
بولے کہ وے بھی اُسی طور پر عمل کریں۔ باوجود اِس غارتگری سے
ہلہ کرتے رہنے کے دشمن بڑی تصدیع میں پڑے ہیں آٹا اور غلہ لنکے
لشکر میں روپی کو آدھی سیر کے نرخ سے بکتا ہی۔ یہہ امر قوی دلیل
ہی اِس بات کی کہ باشندگاں اپنی بچاؤ کی خاطر تدبیراں کرچکے
ہیں اور اِس امر سے یہہ بات ظاہر ہی کہ اگر سب لوگ اُن تدبیروں
کو استقلال کے ساتھہ اختیار کریں تو انکو لازم پڑتا ہی کہ کھانا کھانا
کہتے ہوئے بستی چھوڑکر نکل جاویں

تم دربار کو دھنڈورا پٹوانے کے لئے لکھو جس سے سب باشندگوں
کو معلوم ہووے کہ دشمن کے پاس توپاں نہیں ہیں جو انکو اپنے

P.15

گھیرتے اوٗر مال بچانے کی کچھہ حاجت پڑے اوٗر یہہ یقین ہووے کہ
میں انکی کمک کو پہنچتا ہوں

۱۶

میں تمکو اخیر خط لکھے کے بعد کرنل استیونسن مشرق کی طرف جو کوچ کیا
اِس بات کو دشمن غنیمت جان لئے اوٗر اُس کوچ کی کیفیت سے
میں تمکو اطلاع دے چکا ہوں وے ایکبارگی مغرب طرف اُلٹ آئے
اوٗر چوبیسویں تاریخ کو فقط سواروں کے ساتھہ اترجنتی گھاٹ
پر سے نظام کے ملکوں میں داخل ہوئے پھر وہاں سے کچھہ جلدی
کرکر آگے بڑھے میں سمجھتا ہوں کہ کرنل استیونسن جو جعفر آباد کو
اغلب ہی کہ پچیسویں کو اُلٹ کر آیا اُس سے دور رہنے کے لئے
وُہ جلدی تھی اب دو دِن سے جالنے کی اطراف و نواح میں ہیں
جالنا ایک قلعہ ہی جالنا پور کے قصبے میں جسکا مالک سیندھیا
ہی
پینڈارے عادت کے موافق غارتگری کے واسطے پھیل گئے
لیکن مجھے یہہ معلوم ہوا کہ اُنکے ہاتھوں سے تھوڑا ہی نقصان

پہنچا اور بہت مرتبہ (علی الخصوص ہدنا پورنامی ایک موضع میں) انکو باشندگاں مار کر نکال دئے

اس سلئے انکی فوج میں غلہ بہت گراں ہی چنانچہ روپی کو ازھی سیر کے نرخ سے بکتا ہی میں انیسویں تاریخ اورنگاباد کو پہنچا کل وہاں سے مشرق کی سمت کوچ کرکر گوداوری کی طرف آیا ہوں کیونکہ خبر ایسی تھی کہ دشمن جنوب کی طرف کوچ کئے ہیں اس نیت سے کہ وہ ندی پار ہو کر حیدراباد کی طرف جاویں گوداوری بیسویں کو ایکدو دن تک اترجاکر پایاب ہوگئی تھی پھر ایسی کچھ پور اگئی میں سمجھتا ہوں کہ بالفعل وہ نیت کو نے لگ گئی کیونکہ ندی پایاب نہیں ہوئی تک اس پر سے پار ہونے کے لئے کوشش کرکے دیکھنا امر پر منظر ہی۔ مگر میرا خیال ایسا ہی کہ اس نیت کو پھر اختیار کرینگے اگر وے اسکو ظہور میں لانے کی خاطر سعی کریں تو میں بھی وہاں پہنچونگا اور خبرداری سے ہونے کو ایک فوج روانہ کرونگا تا اس مقام میں ہی ستو پر چیز کی نگہبانی ہووے۔ پھر اسوقت میری تجویز ایسی ہی کہ برار بریم

کرتا جاؤں اور ایسا کرنے سے راجہ کو اپنی خاص بستی میں ہی کچھ
مشغول رہنا پڑیگا اور اس مہم میں رہے تک فوجوں کی پرورش
یقیناً ہو سکنے کے قابل آذوقہ فراہم ہوتے ہی یہہ تجویز عمل میں
آویگی

رسید

کرنل اِستیونسن بالفعل اورنگاباد سے شمال کی طرف بیس کوس
کے فاصلے پر واقع ہی سوندورے کام نامی ایک مقام میں ہے
میں اسکو لکھا ہوں کہ دشمن پر جلدی کرکر چڑھ جاوے
اور میرے اسباب کی حفاظت اِس جگہہ ہوتے ہی میں بھی ایسا
ہی کرتا ہوں

P.16

۱۷

تمھارا خط اگست کی انتیسویں ۲۹ کا ابھی میرے پاس آپہنچا
البتہ یہہ صحیح ہی کہ گوکلا کے ہاتھہ سے یا اپا دسائی کے ہاتھہ سے
کچھہ زیادہ کام نکلنے کی مجھے توقع نہیں۔ تھوڑے دنوں کے
اندر فی الحقیقۃ گوکلا کی طرف سے خلافِ عادت چند پیام مجھے
آئے کہ پھر بھی پیشا بطور پیشگی کے دینے کے لئے اُسکا ایسا

کچھ دنگا تھا کہ میں فقط سواروں کے ساتھ باہر جانے کی جو نیت
کہ کیا تھا ناگزیر اسکو بدل دنگا اس کے عوض میں پیدل اور سوار
کی تھوڑی فوج کے ساتھ جانے کی تیاریاں کرنا پڑا۔ اور یہہ کام
صباح صبح کو میں ظہور میں لاؤنگا۔ بشرطیکہ مجھے آج کی خبر سے یہہ
معلوم ہووے کہ دشمن بہت دور تک نہیں ہٹ گیا ہی۔ اپادسائی
خیمہ گاہ کو آیا ہی

تم ذکر کئے سو کیفیتاں دلکو بہت ناپسند لگتے ہیں اگر مجھے معلوم
ہووے کہ گوگلا اور اپادسائی کو کیا حیلہ کرکر خدمتوں سے
باز رکھوں تو بے شک میں اسی وقت ان سے کہہ دونگا کہ راستہ
لو۔ لیکن باوجودیکہ وے اپنی ذات سے بد ہیں اور میری امید بھی
ان سے ایسی ہی ڈھیلی ہی تسپر بھی انکو اسی بڑے خرچے کے ساتھ
جو مذکور رہا ہی بالفعل تو بھی رکھنے کے لئے میں ٹھہراتا ہوں۔ اگر
وے نکل جاویں تو ہمارے لشکر اور منزلوں کو پنڈارے آکر گھیرینگے
پھر ہمکو سواروں کی ٹکڑی کا نام بھی کھونا پڑیگا۔ اس واسطے
اس مہینے میں میں گوگلا کو درماہہ اور اپادسائی کو کچھ پیسا دونگا۔

اور اسی طرح ہو سکے دینا جاونگا مگر اُس کا حساب رکھہ کر بعد از
پیشوا سے فیصلہ کرنا ہی۔ اِس مُقدمے مین پیسے کے سبب سے فقط
مشکل آپڑی ہی۔ بہر حال سادے یعنے نہیں لکھے سو رسیداں تمھارے
پاس روانہ ہوئے ہیں اُمید ہی کہ اُن سے کچھہ نہ کچھہ ہمارے حاجتوں
کی برآمد ہو گی

جاجتاں برآو

P.16

۱۸

دُشمن جب دیکھے کہ صوبہ دار دکھن کے کسی قصبے کو لے لینا یا کچھ بھی
وہاں غارتگری کرنا غیرممکن ہی تب اپنی گذرگاہ سے نزدیک تھے
سو بستیوں کے بعض عُمدہ باشندگوں کو پکڑ لیکر اپنے کو اُن قصبات سے
جس قدر پیسا کہ مطلوب ہی اُتنے پیسے کی جواب دہی کے واسطے
انکو روک رکھے ہیں اُنکی اُس عادت کو موقوف
کروانیکے لیۓ لازم ہی کہ اُن سے اُس کا بدلہ کریں چُنانچہ میں تُم سے
التماس کرتا ہوں کہ ازراہِ مہربانی اُس قبیل کے احکام جاری کرو کہ
جادو ن راؤ بھاؤ کی ماں اور قرابتیوں کو پکڑ لیکر انکو سنا دیویں کہ دولت
راو سیندھیا اِس طرح ظلم سے لوگوں کو پکڑ رکھا ہی سو لوگوں کی

لوٹنا

چاہئے

اِس طرح کے

گرد ی

سلامتی کے لیے تمکو روک رکھینگے۔ پھر بہیروچ میں یا گجرات میں یا تو اسی
میں یا دوسری بستیوں میں جو نازبل کمپنی کے فوجوں کے ہاتھہ آجاویں سیندھیا
کے وزیروں کے ساتھہ یا خاص اُس سردار کے ساتھہ علاقہ یا سگاوت
رکھنے والے عمدہ یا ذی عزت دوسرے لوگ مل سکیں تو بہتری الناس
ہی کہ انکو بھی پکڑ لیکر اسی واسطے روک رکھیں

معتبر

P.17

۱۹

میں خوشی سے تمکو اطلاع دیتا ہوں کہ کرنل استیونسن دوسری تاریخ کو
جالناپور کا قلعہ لے لیا اُس کاروبار کی تفصیلیں میرے پاس نہیں آئے
اس لئے میں نہیں کہہ سکتا ہوں کہ اُسکو بھی کچھہ نقصان پہنچا ہی یا نہیں
یکتیسویں ۳۱ تاریخ میں تمکو خط لکھا اُس کے بعد مجھے خبر آئی کہ
دشمن جنوب کی طرف اور بھی دور بڑھکر چلے گئے ہیں۔ اس لئے تھوڑی
فوج کے ساتھہ اُن پر چڑھہ جانے کی خاطر جو تدبیر کہ میں گانٹتا تھا اُس سے
باز آکر گوداوری کو آگیا اگرچہ ابتک بھی بول لیتے ہیں کہ وے حیدرآباد
کو جاوینگے۔ اس حرکت سے اُنکے تدبیروں میں کچھہ خلل پڑ گیا جب وے
دیکھتے ہیں کہ میں بھی گوداوری پار ہونے کی نیت رکھتا ہوں وے

بابت

گانٹنا

خود پار ہو جانے کی خاطر ڈرتے ہیں کیونکہ انکو یقین ہی کہ ندی بھرپور
آجاویگی اور انکو اپنی بستیوں سے دور پڑ جاکر میرے حملے میں آجانا
پڑیگا - ندی اب اکثر جا پایاب ہوگئی ہی ایسے موسم میں آگے کبھو اس
طرح پایاب ہوئی سو کیفیت کوئی نہیں جانتا مگر مجھے امید ہی کہ میں اب
ہوں سو مقام میں انکا عزم جو حیدرآباد پر مہم ڈالنے کا ہی اسکو دبا
دوں اور سب صورتوں میں یہہ امر موجب کچھ بہت برے نتیجوں کا
نہیں ہوگا

دوسری تاریخ کو بیگم سمرو کے لشکر سے دو شخص فراری ہوکر اورنگ
آباد کو آئے انکے اظہار سے مجھے اندیشہ آتا ہی کہ وہ لشکر صوبے کے
لشکر پر سے پار ہو جاکر کل یا آج سیندھیا کے ساتھ مل گیا ہوگا - وے
یہہ بھی کہتے ہیں کہ کرنل پھول میان کا لشکر دو منزل کے فاصلے سے
انکے پیچھے چلا جاتا تھا اس بات میں مجھے شک ہی کیونکہ میں
سمجھتا ہوں کہ وہ ہندوستان کو روانہ ہوا ہی

۲۰

ہولکر وکیل کو بلا بھیجا ہی جسکو میں جولائی کے مہینے میں اسکے پاس روانہ

کر چکا تھا اور وہ امرت راؤ کے لشکر میں راہداریوں کے واسطے
تب سے ابتک انتظار کرتا پڑا ہی۔ میرے پاس جو کاغذ کہ آئے
ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہی کہ ہولکر بہت تڑپ رہا ہی کہ یہہ شخص اپنے
پاس سلامتی سے آپہنچے۔ جب وہ سُنا کہ کرنل کولنس سیندھیا کا لشکر
چھوڑ کر چلا گیا ہی تب اُن کو اغذ کو لکھکر روانہ کیا

میں تمکو اخیر خط لکھے کے بعد از ہولکر کی فوج کہیں کچھہ حرکت کر کر گئی
سو سننے میں نہیں آیا۔ میں اِس بات کو بہت مناسب سمجھتا ہوں کہ گورنر
جنرل فوجوں کے اِس رسالے کی خاطر جتنا جلد ہو سکے اُتنا جلد
سات لاکھہ روپے کے نو بھی اشرفیاں سیدھا ببی کو روانہ
فرماویں اگر تُم مہربانی کر کر اُن سے یہہ ذکر کرو تو میں ممنون ہونگا۔ احسانمند
ہمارے اخراجات بڑھتے جاتے ہیں اور مجھے لازم پڑتا ہی کہ پیشوا
کی فوجوں کو جو میرے ساتھہ نوکری کر رہے ہیں اور میری خاص فوجوں
کو ورماہے پہنچانے کی صورت کرتا جاؤں

میں اِسطرف بستی کو آنے کے بعد اُو کیا دیکھتا ہوں کہ جالنا پور کے
قصبے کو غیر لوگ صوبہ دار دکھن کے علاقے کے محاصرہ کر لئے ہیں

اور وہ قصبہ احمدنگر سے بہت دور ہی اور اُس سے کچھہ علاقہ نہیں
رکھتا۔ اِس لئے میں صوبے کے نوکروں سے کہا کہ اُسکو اپنے قبضے میں لالکر
اُسکا اِنتظام دو۔ اور میں گورنر جنرل سے اِس بندوبست کی کیفیت کو
ظاہر کرونگا

P.18

۲۱

لفٹن کرنل دووٹنگٹن جو راجہ انند راو گوکر کے ملکوں میں ہیں سو
فوجوں کا کمانڈنگ یعنے حاکم ہی اُسکے یہاں سے مجھے ایک خط آیا اُسمیں
وہ کہتا ہی کہ بیروچ کا قلعہ تھوڑے نقصان سے آگست کی انتیسویں
کو حملہ کر کے لئے۔ بیروچ پر حملہ ہوا اسکی کیفیت تفصیل وار ابتک میرے
پاس نہیں آئی لفٹن کرنل ووٹنگٹن بولتا ہی کہ فوجاں بڑی بہادری
کئے

صاف

دولت راو سیندھیا اور برار کا راجہ آگست کی چوبیسویں کو صوبہ
دکھن کے ملکو نمیں اجنتی کے گھاٹ پر سے فقط سواروں کی بڑی
ٹکڑی کے ساتھہ داخل ہوے۔ کرنل اِسٹیونسن کی ٹکڑی جو مشرق
کی طرف بڑولی گھاٹ کو گئی تھی اُس کے اور اورنگ آباد کے بیچ میں

ہوئے ہوئے گذرے اور جالنا پور کے لگ بھگ لئے جالنا پور اورنگ
آباد سے مشرق طرف چالیس میل پر ایک چھوٹی سی گرھی اسی نام کے
قصبے کی دار الحکومت بنکر ہی

میں انتیسویں تاریخ اورنگ آباد کو آیا۔ دشمن میرے آنے کی خبر سنتے
ہی جنوب اور مشرق کی طرف برھ کر چلے گئے بول لیتے ہیں اس نیت سے
گئے کہ گوداوری پار ہو کر حیدرآباد پر کوچ کریں۔ میں الٹ کر اپنا
کوچ اس ندی کی طرف قایم کیا اور تب سے ندی کے بائیں کنارے
کنارے مشرق طرف کوچ کر رہا ہوں۔ ندی بالفعل ہر کہیں پایاب
ہو کر ہی ایسے موسم میں آگے کبھو پایاب ہوئی تھی سو کوئی نہیں جانتا
ان کوچوں سے جنوب طرف دشمن کے ہل چل کو میں دبا دیا وے پھر
جالنا پور کے شمال طرف الٹ گئے اور میں بالفعل بلکا یا ہوں سو جگہہ
ایسی ہی کہ میرے ساتھ ملنے کے واسطے کشنا ندی سے دو بھاری پلٹن
جو کوچ کر رہے ہیں انکو میرے سے بچاؤ اور حمایت ہی

۲۲

سیپتمبر کی دوسری تاریخ کرنل استیونسن جالنا پور کو لے لیا وہ

بالفعل اس مقام کے اور اورنگ آباد کے ما بین ہی

بیگم سمرو کے پیدل کی برکت اتر جنتی گھات پر چڑھ گئی اور یہہ گمان کرتے ہیں کہ کرنل بھول میاں کے علاقے کا رسالہ بھی اسکا پیچھا کرتا ہوا چڑھ گیا ہی مگر چھٹویں تاریخ کی رات کو نہ یہہ دشمن کے ہینڈ کوارٹرس سے جا ملا۔ نہ وہ انکے فوجاں باہم ہونے سے انکے کوچوں میں بڑا کھٹکا پڑیگا میں امید وار ہوں کہ ان سب کو جنگ میں کھینچنے کا قابو پاؤں اور جب تک کہ بڑا از پر مہم ہونے کی صورت میرے ہاتھ سے نہو سکے سب حال میں مجھے اندیشہ ہی کہ صوبے کے تمام ملکوں کو انکی یورش سے میں بچا نہ سکونگا۔ میں اس مہم کی تیاریوں میں پڑا ہوں اور تا امکان جلدی کر کر روانہ کرنے کا قصد ہی

لگا ہوں
مقدور بھر

دشمن کے پنڈارے بستی کو کچھ زیادہ نقصان پہنچائے سو مجھے نظر نہیں آتا کھیڑ دن میں ہیں سو ٹھانوں سے پیادے اور باشندگاں کھیڑوں کو بہت مرتبہ بچالئے اور انکے لشکر میں غلہ بڑی گراں قیمت سے بکتا ہے

اناج
مہنگا

میں اس طرف کی بستی کو آئے کے بعد دیکھا تو جالناپور کے قصبے کو احمدنگر کے قلعے سے کچھ علاقہ نہیں اور اسکے اطراف تمام

حوالے

صوبہ داردکھن کے قصبات گھیرے ہوئے ہیں پھر میں اس قصبے کا
بند و بست جناب نواب کے ملازمین کے تحویل کر دیا۔ آگست کی ایکیسویں
کو جو خط کہ میں لکھا تھا اُس میں ملفوف کر کر بھیجا تھا سو کاغذ سے اِس
قصبے کی اِلبیت آپ کے حضور معلی کو نظر آویگی

امرت راؤ اگر ابتک میرسے سے نہیں ملا معلوم ہوتا ہی کہ حال میں مورلیہ
فرنویس جو مر گیا ہی اُسکے بعض رسوم ادا ہونے کے لئے اُس کے آنے
میں دیری ہوئی

جسونت راؤ ہولکر دوسری تاریخ کو نربدا اور تپتی ندیوں کے مابین
ایک مقام میں ڈیرا دیا ہی۔ وہ وکیل کو بلا بھیجا جسے میں جولائی کے
مہینے میں روانہ کرچکا تھا اور وہ تب سے ابتک امرت راؤ کے لشکر
میں راہداریوں کے واسطے انتظار کرتا پڑا ہی۔ راہداریوں کے
قرینے سے ایسا نظر آتا ہی کہ اپنے لشکر میں سلامتی کے ساتھ یہہ شخص
پہنچنے کی خاطر جسونت راؤ ہولکر کو بڑی تڑپھ ہی اور جب اُسکو معلوم
ہوا کہ کرنل کلنس دولت راؤ سیندھیا کا لشکر چھوڑ کر چلا گیا تب
اُسکو بلا بھیجا میں سنتا ہوں کہ بابا پھرکیہ

دولت راؤ سیندھیا اور برار کے راجہ کے ساتھہ جا کر مل گیا

P.20

۲۳

تمھارا خط اگست کی اٹھائیسویں کا مجھے آپہنچا۔ احمد نگر کی فتح کو جیسا تم صلاح دیتے تھے ویسا ہی بندوبست کیا ہوں۔ کپتان گرے نام کو وہانکا کلکٹر مقرر کر کر رسداں روانہ کرنے اور میرے پچھاڑی کی فوج میں کچھ گربڑ نہیں ہونے دیکر امن اور چین کو نگاہ رکھنے کی خاطر بہت سے پیادے اور سواروں کی ٹکڑی اسکو دیا ہوں۔ کاشکے میں تمکو اس کام پر رکھا ہوتا مگر تم اس جگہہ نہیں تھے اور یہہ غیر ممکن ہے کہ تم اپنے قصبات میں رہکر خدمتیں بجالانا ضرور ہے۔ میں تمکو آگے خبردار کر چکا ہوں

اگر

میں تمکو آخیر خط لکھنے کے بعد جنوب طرف جلدی سے چند کوچ کر کر دشمن کو پلٹا دیا اور انکو صاف بتلایا کہ وے فقط تنہا حیدرآباد کو نہیں جا سکتے ہیں اور اس سبب سے انکو مجبور کیا کہ شمال کی طرف الٹ جاویں

پھرا دینا

مجھے معلوم نہیں کہ آیا وے پھر الٹ آوینگے یا نہیں مگر بول لیتے ہیں

کیا

کہ برہان پور کو پلٹ جاتے ہیں اور اُنکے رسالدار بالکل ناراضی ہوکر قسمیہ کہتے ہیں کہ اپنے کو پیدلوں اور توپوں سے کمک ہووے تو نوکری نہیں کرینگے

بہرحال فقط سواروں کی فوج کے مقابلے میں میں بھی جلدی کرکر کوچ کر سکوں سو اسبات کی توقع نہیں اور بعض اُنمیں سے تمھارے قصبات میں داخل ہوں تو ہوں۔ مگر اُسکے ساتھہ یہہ اغلب ہے کہ میں اُنکو روک ڈالونگا

بنگالے کی فوج کی طرف سے جنگ

شروع ہو گیا اور وہ جمنا پار ہووینگے۔ گجرات میں تھی سو فوج آگست کی انتیسویں کو بہیروچ پر حملہ کرکر لے لی۔ کرنل اسٹیونسن چھٹویں تاریخ کو رات کے وقت سواروں کے ایک لشکر کو ماری لیا وہ مجھہ سے کہا کہ دوسری یعنے کل کی رات پھر بھی حملہ کرنے کا ارادہ رکھا تھا۔ وہ ایسا کیا یا نہیں سو میں ابتک نہیں سُنا۔ کوئی دشمن چالیس میل کے اندر اُس کے پاس کہیں بھی نہیں پھٹکا

نظر آیا

بہیروچ کے قلعے پر حملہ کرکر اُسکو لے چکے کے بعد کل شام کے وقت میں تمکو

لکھ بھیجا تھا - اب میں تمکو اِس امر میں پوری اطلاع دیکر عزت یاب ہوتا ہوں

خبر آئی کہ گیارہ گھنٹوں کے وقت

دو پہر کے آگے اِنجنیر چھوڑ کر دراز ڈال دئے ہیں اُسوقت میں حلہ کرنے کی بات اپنی جا ٹھہرا لیا تھا - مگر تین گھنٹے تک جوڑتا خیر کیا فقط اِسی واسطے نہیں تھا کہ قلعے کے روبرو کشتی اور ہنھیاروں کا ایک ناؤ بروقت آ جو ٹھہرنے کی مجھے توقع تھی اُنکی کمک سے فایدہ اُٹھا سکوں بلکہ اِس لیے بھی تھا میں سمجھا کہ دشمن کو اُس وقت غفلت کے عالم میں پانا بہت اغلب ہی - بہرصورت کشتی اور ہنھیاروں کا ناؤ بروقت پہنچکر کچھ مدد نہیں بخشے

حلہ کرنے کے باب میں میں دیا تھا سو احکام جو اِس میں ملفوف کیا ہوں اور قلعے کے غربی سامھنے کا ایک رخنہ نقشہ اور اُسکی بلندی کا بیان جو ہمراہ اُسکے روانہ کیا ہوں اُن سے تمکو اِطلاع ہوگی کہ میں کس طور سے انتظام دیا - دشمن ہمکو دراز میں نہیں گھسنے دینے کے واسطے بے باکانہ ایک حلہ گئے مگر ہماری فوجوں کی بہادری اور مردانگی کے سبب سے جلد پسپا ہو گئے اور میرے احکام سب کے سب عمل میں آئے - کپتان رچارڈسن

پہلے دروازے کو اپنے قبضے میں لا چکے کے بعد میجر کیلر ایسی جلدی گھس
پڑا کہ اکثر عربوں کے سوار اور پیدل دروازے کے باہر ہونے کے آگے
انکو پکڑ لیکر قریب دو سو عرب کے مار ڈالا۔ بہت سے گھوڑے بھی
مقتول ہو گئے اس کاروبار میں اول سے آخر تک میجر کیلر بلا توقف
موافقت کر لیکر اپنی بہادری اور پہلے کی حکومت کے وقت کا رویہ جو
ظہور میں لایا وہ اور کپتان رچارڈسن جو فوج کا سرکردہ تھا اس سے
بھی یہ سب کام ظاہر ہوئے ہیں سو وہ آپکی اطلاع شریف کے واسطے
اظلاع کرتا ہوں

سب عہدہ دار اور جوان جو اس کاروبار میں مشغول رہے انکا رویہ
اس مرتبے میں میرے خاطر خواہ اور پسندیدہ تھا کہ میں انکی تعریف یا
سفارش جیسا چاہیئے ویسا مضبوطی سے نہیں کر سکتا ہوں

اٹھارہ پوندر کی توپوں کو اور کوچ کے وقت ہمکو
حاجت نہیں سو تمام چیزوں کو قلعے کے اندر لیجانے کا کچھ بندوبست قایم
کرنے کے لئے اب میں مشغول ہوں اور دشمن طرف کے مردے جنکا
شمار قریب دو سو پچاس کے ہی انکو دفنانے کا بھی مجھے شغل ہی

میں بڑی خوشی سے تمکو اطلاع دیتا ہوں کہ ہماری طرف خسارہ تھوڑا ہوا۔ جناب پادشاہی کے اسّی پرچھتویں رسالے کا عہدہ دار کپتان مکلارن کو فقط زخم لگا اور وہ بھی بے طوری کا نہیں ہے میں مقتول اور مجروح ہوئے سو اُنکی فہرست اور محاصرہ کیئے سب سے مقتول اور زخمی ہوئے سو اُن سب کی بڑی فہرست بھی اُس میں ملفوف کیا ہوں

عربوں اور

سندھیوں کے پاس سے اوّل مرتبہ بیس نشان کے استادے ہم چھین لئے۔ میرے پاس بالفعل دس جمع ہوئے ہیں اُن کو اور قلعے کے نشانو کو قابو ملتے ہی جلدی کرکے دارالحکومت کو خوشی سے روانہ کرتا ہوں

P.21

۲۵

تمھارا خط اِس مہینے کی دوسری تاریخ کا ابھی مجھے آپہنچا۔ تم لکھے کے بعد جو مدّت کہ گذری ہی اِس کی طوالت پر نظر کرنے مجھے خوف ہی کہ ڈاک میں کچھ نہ کچھ بے ترتیبی پڑ گئی ہی اور یقیناً بعض تمھارے خطوط بالکل میرے پاس نہیں آئے۔ ۶ء اگست کے بعد جتنے خطوط کہ تمھارے پاس سے مجھے آئے اُن سب کے تواریخ میں حاشئے

پھر لکھا ہوں صوبہ دار کے خزانے

کا حال کچھ بھی ہو مجھے توقع یہ ہے کہ وہ حیدرآباد میں وہاں کی محافظت

کے لئے ایک فوج فراہم کر رکھے کہ باہمیں کچھ قصور نہیں کریگا۔ بالفعل

اُس کے بچاؤ کے واسطے میرے گمان میں جس قدر کہ وہاں تہیہ ہو کر

ہی اُس کی نسبت کرنے اچھے طور سے زاید تہیہ ہو سکے تو کچھ نہ کچھ آفت

وہاں پڑیگی

صوبے کے نوکروں سے جو تم اطلاع کئے کہ کالے چبوترے کے گھاٹ

پر نواز وں کی حاجت ہی اُس سے میں کہتا ہوں کہ مجھے خوشی حاصل

ہوئی۔ اُنکے عدد کم رہنے سے کیا نتیجے ہیں سو مجھے اسدم معلوم ہوتے

ہیں کہ میں دشمن کے ساتھ جنگ میں مشغول رہنے کے درعوض مجھے

موصول ہونے کے رسداں جو چلے آرہے ہیں اُنکے واسطے اِنتظار کر

لیتے رہنا پڑا۔ نظام علیداراں جنرل استورٹ کو اعتبار ہوئے

سر لکھا جو بیان کئے کہ آپ اِتنے نواز وں کی پابجائی کر چکے ہیں اگر

اُنہیں کا تیسرا حِصّہ بھی کشنا ندی پر رہا ہوتا تو رسداں بہت دِن کے

اگے مجھے وصول ہو جاتے

بہر حال میں خوشی سے تمکو اطلاع دیتا ہوں کہ دشمن شمال کی طرف دور

چلے گئے انکو بڑی چپک ہو گئی کرنل اسٹیونسن کی حکومت میں ہی سو

سرحد کے نزدیک چند رسالے جو وے روانہ کئے تھے اُنہیں رات کے

وقت وہی کرنل دو بار یورش کیا اور اس سبب سے دشمن کو بہت سے

آدمی اور گھوڑوں کا خسارہ ہوا

اگرچہ یہہ ضرور ہی کہ کشنا پر نواتر سے موجود رہیں اور جنرل کیمل کے

فوجاں عندالضرورۃ وہ ندی پار ہونے کے لئے مستعد رہیں پر اب

ہی سو عالم میں اُنکو منگا کر کشنا کے ازوا ر وال رکھنا مجھے مناسب معلوم

نہیں ہوتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ حیدرآباد میں موجود ہیں سو دو پلٹن اور

صوبہ دار کے وزرا فراہم کر رکھنے کی تجویز کئے تھے سو فوج یہاں سے اُنکے

واسطے کمک روانہ ہوئی تک یقیناً اس شہر کو بچا رکھ سکتے ہیں

جنرل کیمل کی فوج حیدرآباد کو روانہ ہوئی تو

راجہ میسور کے ملکاں سب بچاؤ ہو کر پڑے رہینگے۔ اِن ملکوں کو بھی

صوبۂ دکھن کے ملکوں کی مانند یورش کر کر لوٹ لے سکتے ہیں اس

صورت میں اِس طرف ایک ٹکڑی وہاں روانہ ہوئی تو انکا بچاؤ

ہے۔ یہہ ظاہر ہے کہ دشمن کے سواروں کے سریکھا ہماری فوج جلد کوچ نہیں
کرسکتی اور ہماری فوجاں پہنچنے کے آگے وہاں بڑا نقصان ہوجاویگا۔
حیدرآباد کا بہیں یہہ تاویل برجستہ نہیں پڑسکتی۔ یہاں کی حفاظت کے لئے
کچھہ نہیں ہو کرہی۔ سب حال میں دشمن توپوں کی کمک کے سولے کچھہ زیاد
نقصان نہیں پہنچا سکتے اگر توپوں کے ساتھہ آویں تو انگریز کے لشکر
کی ٹکڑی کے آگے نہیں پہنچینگے

جب تم پیسا یا غلّہ روانہ کروگے بہتری التماس ہے کہ اسکا بدرقہ حیدرآباد
سے کب نکلتا ہے سو مجھے اطّلاع دو اور جس عہدہ دار کے ذمّے وہ
رہیگا اسکو حکم دیجو کہ بھیر پر سے یا دھارور پر کوچ کرے اور باربار
اپنے عبور کی اطّلاع مجھے دیتے رہے اور میرا حکم آئے تک ان مقامات
میں سے کسی کو چھوڑ کر نہ نکلے۔ میں التماس کرتا ہوں کہ ہمارے بدرقے
جن قلعوں کے نزدیک کہ پہنچینگے وہاں کے قلعہ داروں کو انکی حفاظت
کرنیکے بابیں احکام روانہ ہو دیں

دسویں رجمنٹ کی دوسری پلٹن کے لفٹن بروڈن کو میں حکم کیا ہوں کہ
اپنے حکم میں ہے سو ٹکڑی کے ساتھہ وقت نہیں گنوا کر حیدرآباد کو الٹ جاوے

میجرمل کے پاس سے جو خط کہ مجھے آیا اُس سے معلوم ہوتا ہی کہ دھرور کا قلعہ دار اُس قلعے کے نزدیک اُسکو ڈیرے دینے نہیں اجازت دیا جو اُس کے بدرقے کی محافظت واں سے بھی کچھ ہو سکے۔ اس روئے سے بالفعل چنداں پروا نہیں کیونکہ دشمن مجبور ہو کر شمال کی طرف دور چلے گئے ہیں مگر آیندہ چلکر علی الخصوص دوسرے قلعوں کے قلعہ دار بھی اُسکی تقلید کریں تو بد نتیجے ہونے کا سبب پڑیگا

دھرور کے قلعہ دار کو میں ایک خط لکھا اُس میں صوبہ دار مجھے بھیجا تھا سو خط ملفوف کیا ہوں اُس خط میں جناب نواب اپنی نوکری میں ہیں سو دیوانی اور لشکری عہدہ داروں کو احکام جاری کرنے کے لئے مجھے قدرت دیا ہی اور میں قلعہ دار کو اُس خط میں کہا کہ انگریزی فوجوں کو اپنے قلعے کے نزدیک مقام کرنے کی اجازت دیوے اور تا بمقدور اُنکے ذمے رہتے سو بدرقوں کی محافظت اور کمک کرے مگر اُسکو اور دوسرے قلعداروں کو فوجوں کی خاطر اناج جمع کر کر رکھنے کے واسطے دو ہفتے کے آگے جو خطوط کہ میں لکھ بھیجا تھا اُنکی دے

خبرداری
دیباچ
حکم
حفاظت

نہ پروا کئے نہ جوابات بھیجے - مجھے گمان ہی کہ اِس خط کی بھی پروا نہیں کریگا پس اِسواسطے اِلتماس کرتا ہوں کہ میجر ہل کے ساتھہ دھرور کے قلعہ دار کا سلوک جو کہ ہوا ہی دربار میں اِطلاع دو اور صوبہ دار کے وزراکو کدسے کہو کہ حضور کے جتنے کہ قلعہ ہیں اُن کے تمام قلعہ داروں کو فوج کے سرکردگوں کو اور چار دیواری کے اندر کے بستیوں اور کھیڑوں کے سرداروں کو مضبوط احکام روانہ کریں - کہ دے اپنے سے ہوسکے تک کمپنی کے فوجوں کی اور اُنکے ہمسائے ملکوں سے گذرتے سو بدرقوں کی محافظت اور کمک کریں اور دشمن کے حرکتوں کی خبر کچھہ اپنے کو معلوم رہی تو فوج کے کمانڈنگ افیسر کو لکھہ کر اطلاع دیویں

اگر صوبے کے ملکوں میں لوگ ہمکو دوست سمجھکر پیشش نہ آدیں تو کسی بھاری بدرقے کی سربراہی دینا ہمکو مشکل ہی اگرچہ غیر ممکن نہیں مگر اِس سبب سے حضور کے فواید میں خللِ عظیم واقع ہوگا

۲۷

P. 23

عہد و پیمان ہوکر یون گرصہ جو تحویل ہوگیا ہی اُسکے بابہین میں ہمکو لکھہ کر عزت یاب ہوتا ہوں

قلعہ اندرونی کی دیوار کے اندر جب ایک دراز پڑ چکا اور قلعہ بیرونی
کے کونے پر برج کے نیچے دوسرا بھی ایک پڑنے والا تھا کہ ایسے ہیں ستہویں
تاریخ کی صبح کو اہل قلعہ عہد و پیمان کر لینے کی درخواست کئے اِس شرط سے
کہ اپنے جان اور خاص مالوں کی حفاظت ہووے

اِن باتوں پر میں راضی ہوا اِس شرط سے کہ کمپنی کے سپاہیاں اندرونی
دیوار کے دراز پر معاً قابض و متصرف ہو رہیں مگر وے اُن عہد و پیمان
کے ساتھ دوسرے شروط بھی لگائے یعنے سبندھیا دیا سو بقایہ میں
انکو دے ڈالنا اور (تین ہزار سوار کے قریب تھی سو) گوکر کیولری کے
دو کمانڈنگ آفیسرس میرے ساتھ اِس عہد نامے پر دستخط کرنا۔ اِن دو امر
قلموں پر میں بالکل راضی نہیں ہوا جب بارہ کے چار گھنٹے ہوئے اُس
وقت ہم مارتے ہی چلے جاتے تھے سو دیکھکر وے سمجھے کہ میں تاخیر
کرنے پر راضی نہیں ہونگا پھر تو وے پہلے شروط پر رضامند ہو گئے اور
قلعے اور پہاڑوں کو چھوڑ دینے سے ہم قابض و متصرف ہو کر معاً اُن
شرطوں کو تمام و کمال ظہور میں لائے

اگر یہہ امر وقوع میں نہ آتا تو میں اٹھارھویں تاریخ صبح کے وقت دونوں

در ڈھیل

کلام عمل میں نہ آتا

دراز پر حملہ کرنے کے لئے ضروری بندوبست کر چکا تھا میں سمجھتا ہوں
قلعے کے لوگ یہہ تصور کئے کہ ہم درازوں میں سے گھسنے کے وقت اگر
وے اگر ہمارے مزاحم ہو دیں تو انکا راستہ بالا قلعے کا بند ہو جاتا ہی
پھر انکو ہمارے مورچے پر سے نکلنے سو راستے کے سوا ے بھاگ کر
چلے جانے کے واسطے دوسرا کوئی راستہ نہیں رہتا اس سبب سے وے
ڈر گئے

پہاڑ کی چوٹی پر واقع ہی سو اوپر کا قلعہ یعنے بالا قلعہ اُن کے قبضے میں
آ جاسکتا ہی میں سمجھتا ہوں کہ اُسکی تسخیر بالکل غیر ممکن تھی
قلعوں کا اور پہاڑوں پر کی صنعتوں کا نقشہ کھینچنے اور
لحاظ کرنے کپتان کلف کو جو انجنیروں کے علاقے کا ہی میں چھوڑا
اور مجھے اُس کی مشہور ہنرمندیوں سے یقین ہی کہ یہہ کام اچھے طور
سے ادا کریگا

اس کام پر مامور تھے سو سب طور کے اہل خدمات سے ظاہر ہوے
سو خوبیاں سرگرمیاں اور بڑے محنتاں میں اس حیلے سے بڑی خوشی
کے ساتھ آپکے گوش گذار کر رکھتا ہوں

اٹکانا
اپنی
لینا
لحاظ

اٹھارھویں تاریخ کو کشنا ندی پر سے آنے والا تھا سو آخری بدرقے
کے ساتھ جو میجر مل تھا اُس سے میں ملا اور بیسویں کو دشمن کی
طرف بڑھ کر جانے کی مجھے طاقت ہوئی اُن گذشتہ سات آٹھ روز
کے عرصے میں دشمن کرنل پھول سہان کے ماتحت تھی سو پیدلوں کی
فوج سے اور بیگم سمرو کی فوج سے اور دوسرے ایک پیدلوں کے
رسالے سے جس کے سرکردے کا نام میں تحقیق نہیں کیا جا کر ملے۔
دشمن کی فوج بکاردن کے قریب اور اُس مقام اور جعفر آباد کے
مابین جمع پڑی تھی

بیسویں کو میں کرنل اسٹیونسن کے نزدیک تھا۔ اُس سردار کے ساتھ
بات چیت کیا چو بیسویں کو صبح کے وقت ہمارے زیر حکم میں سو لگریوں
کے ساتھ دشمن کی فوج پر حملہ کرنے کے واسطے ایک تجویز ہم دونوں
ٹھہرائے۔ بائیسویں کو ہم کوچ کئے کرنل اسٹیونسن مغرب کے راستے
سے (چلا) اور میں بدناپور اور جالنے کے درمیان پہاڑوں
کے اطراف ہی سو مشرقی راستے سے گیا

تیویسویں کو میں نالینہ میں پہنچا وہاں خبر معلوم ہوئی کہ سیندھیا اور
برار کا راجہ اپنے سواروں کے ساتھ صبح ہی چلے گئے - عنقریب پیدل
بھی پیچھے جانے والی تھی مگر میں جس زمین پر کہ خیمہ ڈیرا اترنا چاہتا تھا
سو وہ اُس زمین سے چھے میل کے فاصلے پر ہنوز خیمے میں تھے - پس یہہ
بات ظاہر ہوئی کہ اُس پر حملہ کرنے میں زاید توقف ہووے - نالینہ
کے مقام میں تھا سو اسباب اور سامان کی حفاظت کے واسطے بندوبست
کر کر دشمن پر حملہ کرنے کے واسطے میں کوچ کیا

ابھی

وے متصرف ہو کر میں کر کے مجھے خبر پہنچی تھی سو زمین کے قریب کیتنا
کی ندی کے کنارے سیندھیا کی اور برار کے راجہ کی کل متفق فوج
ڈیرے ڈیرہی سو میں دیکھا انکا میمنہ جس میں کل سوار ہی تھے بوکردن
کے مقام کے قریب سے آسیہ کے جوار میں خیمہ ڈیرہ تھے سو انکی پیدل کے
سپاہ تک پہنچا تھا - اگرچہ میں پہلے انکے میمنے کے روبرو آیا مگر انکے
میسرے پر حملہ کرنے کی تجویز ٹھہرایا کیونکہ مجھے گمان غالب تھا کہ انکی
پیدل کے سپاہ کو شکست ہو جاویگی - اُسی موافق انکے میسرے کی طرف
چکر ار کر گیا - کوچ کر رہی تھی سو پیدلوں کی صف کے پیچھے پناہ کے

پہلی ٹکڑی

دوسری ٹکڑی

واسطے انگریزی سواروں کو رکھا اور سید ھے بازو میں مرھٹے
کے اور میسور کے سواروں کو رکھا

دشمن کی فوج میسرے کے پرے پایاب تھا سو مقام پر سے ہم کیستانئی
پار ہوے اور معاً اُس ندی کے اور اُس کے مقابلے میں بہتا تھا سو
نالے کے درمیان میدان میں پیدل کو دو صف کرکے کھڑا کئے اور
تیسری صف میں انگریزی سواروں کو لگا رکھے۔ مرھٹے اور میسور
کے سوار کیشنا کے پیلیور ہماری فوج کے بائیں بازو پہ چارے لئے
ہوے کھڑے رہے اور اپنی فوج میسرے سے نکل کر ہمارے پیچھے
پیچھے کوچ میں آئی تھی سو دشمن کے سواروں کی ایک بڑی ٹکڑی
کو روک رکھے

پیلیور

P.25

۲۶

میں اطلاع دیتا ہوں کہ کل دولت راو سیندھیا اور برار کے
راجہ کی متفق فوجوں کو میں مار لیا۔ مگر جنگ میں بہت بڑا نقصان
عاید حال ہوا

گورنر جنل بہادر کو اِس مقدمے میں جو رپورٹ کہ کیا ہوں اُس کی

نقل اِس خط میں رکھا ہوں اُس سے اپکو جنگ کی کیفیتوں کا حال بسہولت

تمام معلوم ہو جاویگا

خدمتاں خالی ہو جانے کے سبب سے میں رجمنتوں کے کمپانڈنگ آفسروں کو

کہا ہوں کہ اپکی خدمت میں آفسروں کی ترقی کے بابیں سفارش کریں۔

اس اتفاق میں میں انیسویں [19] لیفٹ ڈراگنس کے علاقے کے مینجر کینڈی

کے بابیں جو جنگ کے وقت رجمنٹ کے سرکردہ ہوکر مجھے سفارش

کرنے سے باز نہیں رہ سکتا ہوں اور علی ہذا القیاس ستر پر چار ویں [74]

رجمنٹ کے عہدہ داروں کے بابیں بھی جن میں کے اکثر زخمی ہو گئے

ہیں سو کیفیت افسوس سے ظاہر خدمت کرتا ہوں لفٹن کرنل والس

جو ستر پر چار ویں [74] رجمنٹ کے مینجر بھی ہیں میرے سے درخواست

کئے ہیں کہ انیسویں [19] ڈراگنس میں خالی ہوے ہیں سو لفٹن کرنلیوں

میں سے ایک اپنے کو عنایت ہونے کے لئے میں اپکی خدمت میں سفارش

کروں کیونکہ سننے میں آیا ہی کہ اب اُس رجمنٹ میں دو لفٹن کرنل

ہیں۔ میں کرنل سے درخواست کیا کہ اپنی نوکریوں کا ایک یادداشت

مجھے لکھ کر دو اُسکو میں اب اِس میں ملفوف کیا ہوں اور میرے

اسپانی سے

مختار

اور بھی

چاول

ہمراہ روانہ ہوئے تب سے کرنل کا روپیہ میرے نہایت پسندیدہ تھا اور

بابتاں

مجھے معلوم ہی کہ اس ملفوف یادداشت میں مذکور ہیں سو ابواب صحیح ہیں

اور اُن باتوں کی گواہی میں اپنی طرف سے یادداشت کے ساتھ زاید

کیا ہوں

P.36

۴۰

کل میں سیندھیا اور برار کے راجہ کی متفق فوجوں پر اپنی ٹکڑی رکھ

لیکر حملہ کیا۔ انجام اُسکا یہ ہی کہ قریب ساتھ توپ کے میرے ہاتھ لگے۔

سچ ہی

جنگ فی الواقع بڑی چالاکی سے ہوا اور دشمن کے توپوں کی آگ

نہایت گرم اور تیز تھی چنانچہ اس ملک میں اتنی تیزی تھوڑے دنوں

سے نظر نہیں پڑی۔ ہمارے طرف بہت سے سردار اور لوگ ضایع گئے

دوسروں کے سوائے آپکے بھائی بھی ستر پر چار ویں رجمنت کے

علاقے کے زخمی ہوئے۔ کرنل ہیاکویل مارا پڑا۔ کرنل ہارنس کا کرنل ارلس

کا اور میرا اور میں سمجھتا ہوں کہ اِستاف کے ہر ہر سردار کا گھوڑا گولے

کا مار کھا کر اوپر بیٹھے سو بیٹھے نیچے گر پڑا

سیندھیا کی پیدل بہت اچھے طور سے کام کی اور آخر تک اپنے

توپوں کے پاس کھڑے رہے مگر اُنکا چلانا اُنہی کے ساتھ رہ گیا۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ وے دو توپ سے زاید لیگئے ہیں یا نہیں مجھے شک ہی

مرگئے سو اور زخمی ہوئے سو لوگوں

کا اور مسخر ہوئے سو توپوں کا صحیح حساب میرے پاس لتنے ہی میں اِس جنگ کی کیفیت مفصل گورنر جنرل کو لکھ بھیجونگا

دشمن ارجلی گھاٹ کی طرف بھاگ گئے ہیں سمجھتا ہوں کہ وے اسپر سے اُتر گئے ہیں۔

۳۱

میں آپکو سیتمبر کی سترھویں کو لکھا تھا۔ اِس کے بعد میں دشمن کو پوری شکست دیا ہوں اور اُنکے پاس سے نو دیر آٹھ توپ معہ بارود گولہ وغیرہ نکال لیا ہوں۔ میں گورنر جنرل کو اِس جنگ کے بابیں لکھا تھا سو خط کی ایک نقل ملفوف کیا ہوں جس سے آپکو جنگ کا حال معلوم ہو دیگا

اِس پر زاید کرنے کی اور کچھ کیفیت نہیں بجز اِسکے کہ آپکو لکھا ہوں کہ سیندھیا کی فرانسیسی پیدل ٹیپو کی پیدل سے کہیں فایق ہی اُسکا جنگی سامان اور

باروت گولہ درست اور اسکی توپ ایسی اچھی اور ایسی آراستہ ہی

کہ ہمارے بھی کام آسکتی۔ ہم ٹیپو کی توپوں کو کبھی اپنے کام میں نہیں لاسکے

ہماری طرف بڑا نقصان ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسا سخت جنگ اس

بستی میں کبھی نہیں ہوا تھا۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ جہان کے کسی قطعے

میں ایک ہی ایک جنگ سے اسقدر توپیں اور فایدے نادر حاصل ہو

ہیں۔ جنگ کے میدان میں دشمن کے بارہ سو جوان قتل ہوئے۔ میرا

قیاس یہہ ہی کہ اس عدد سے چار چند لوگ کے لگ بھگ گھایل ہوئے۔

جنگ کے بعد ایک دوسرے کو لوٹتے۔ اُن کے بہت سے سپاہ

فوج چھوڑ کر چلے گئے۔ تمام برہانپور کو جو یہاں سے اسّی میل کے قریب

ہی بڑی پریشانی سے بھاگ گئے ہیں

میرے دو گھوڑے کھیت گئے ڈیاما (جو کرنل آستن کا گھوڑا تھا اور بہت

سے جنگوں میں کام آیا) بھالے کا مار کھا گیا اور ایک دوسرا گھوڑا

گولے کا مار کھا کر میں اوپر ہوں سو ہوں نیچے گرا۔ تمام اِستاف کے

سرداروں کے گھوڑے یا تو مارے گئے یا گھایل ہوئے یا کسی نہ کسی

جا ے میں ضرب پاے

ملفوف تھا سو خط کے اندر ہیں لکھا تھا کہ نو د توپ مسخر ہوئے ہیں اُنکو
ہیں روانہ کیا سو وقت مجھے معلوم نہیں تھا کہ ہمکو کس قدر غنیمت حاصل
ہوئی ہی۔ واقعی ہیں سمجھتا ہوں کہ ہم ایک سو دو توپ مسخر کئے
مگر دشمن نے توپوں کو ہم ضایع کر ڈالے۔ عددیں غلطی آئی ہی ہیں جانتا
ہوں کہ نود پراگندہ ہیں

ابتک ہولکر جنگ میں کچھ دخل نہیں دیا میرا قیاس یہہ ہی کہ وہ اب الگ ہی
منتخب سپہ سالار وں کو سست قدم قرم سیاق کہکے لعن طعن کیا اور نہایت سخت آتش کاری کی آفت میں اپنی ذات سے مبتلا ہوتا رہا۔ اُس کے بازو سے ڈیورک تھا۔ یہہ شخص محل شاہی کا میر مہتمم اور خود کا بڑا جانی دوست تھا اُس کے آگے بہت سے لوگ ایسا بول رہے تھے کہ فقط یہی اُسکا آشنا ہی۔ ان کے دیکھتے دیکھتے ایتالی کے جنگوں میں تھا سو ایک دوسرا پرانا رفیق بریرس نام مارا پڑا۔ ڈیورک نیپولین کے کان میں کہا کہ آج تقدیر ہمارے سے بدلی ہی تھوڑے لحظوں کے بعد خود ڈیورک کاری زخم سے گھایل ہوا۔ بادشاہ معاً ٹھہر جانے کا حکم کیا اور دوپہر کے بعد تمام دن ڈیرے کے روبرو کاٹا اُسکے اطراف پھرے والے کھڑے تھے نئے لوگ اُسکا دکھ دیکھکر آنسو بہاتے تھے۔ اِس کے بعد وہ کسی

چغہ۔ حرامزادے

خیر گوئی پر کان نہیں دھرا اور کسی کی رائے نہیں سنا

۹۱

سولھویں تاریخ کو صبح کے ہوتے ہوتے جنگ شروع ہو گیا۔ کمک کے لئے آئے سو بادشاہاں فرانسیسی صف پر پے درپے چھ بار گولے چلائے اور اتنے مرتبہ انکو ہزیمت بھی ہوئی تب نیپولین اپنی باری میں گولے چلایا۔ جسکا ایسا اثر ہوا کہ ایکبارگی موراٹ کے سواروں کو دشمن کی فوج کے دونوں بازوؤں کے درمیان ایک برا راستہ مل گیا۔ روس کے شاہی پہرے والے قاسکاں بہر حال فرانسیسی سواروں کے ساتھ مقابلہ کرکے پھر انکو پیچھے ہٹا دئے۔ رات ہوی تک جنگ ایکساں ہوتا رہا تب ہر صف کے اخیر سے توپ کے تین تین گولے چھوٹنے سے معلوم ہوا کہ یہہ علامت جنگ کے موقوفی کی ہی گویا آگے سے تجویز کر رکھے تھے۔ دونوں فوج کو جس جس جای کو صبح ہوی تھی وہاں وہاں رات کو اپنی اپنی نگہبانی کر لینتے پڑے رہے غرض جنوب کی طرف ہوا تھا سو جنگ کا نتیجہ اسطرح پر ٹھہرا یہاں نیپولین خود اپنی ذات سے حکم رانی کیا تھا۔ مگر اس کے لفٹن یعنے مارمونٹ کو شمال کی طرف بہ نسبت اس کے کامیابی کم حاصل ہوی۔ بلکہ اس پر بہت بری فوج رکھ لیکر حملہ کیا اور لفٹن بھی بالکل ہشت نا کر اس سے مقابلہ کیا مگر اس کے بہت سے لوگ شدید ہو رہے اور توپ جاتے رہے

اپنی اصلی جاسے سے نکالا گیا پھر شام کے ہوتے ہوتے شہر کے دیواروں کے بہت ہی نزدیک ایک نئی جگہہ بلکایا۔

سپاہیوں کی چال تو جوانمردانہ نظر آئی مگر بنپولین کو خوب معلوم ہو گیا کہ اخیر میں آپ لیپ سگ چھوڑ الٹ جانا پڑیگا۔ پس صلح کرلینے کے واسطے دل سے کوشش کیا۔ اُس روز کے عرصے میں جنرل میر فیلدٹ اسیر ہو گیا یہہ وہی آسٹریہ کا منصبدار تھا جو آسٹرلتز میں ہوا سو جنگ کے بعد مہلت جنگ کی درخواست کرنے کے لئے شاہ فرانس کی طرف سے اپنے ہیڈ کوارٹرس کو آیا تھا۔ اُس شخص کو اپنا ایلچی بنانے کی خاطر بنپولین تجویز کیا۔ میر فیلدٹ اُسسے خبر دیا کہ آخر باوریہ کا بادشاہ موافقت کرنے راضی ہو گیا ہی۔ بنپولین تو آگے سے بڑی تشویش میں پڑا تھا یہہ خبر سنتے ہی اُسکی تشویش دو چنداں ہو گئی کیونکہ فرانس کو جانے کے رستے میں بیٹھا ہی سو ایک نئے دشمن سے دو چار ہونا پڑا

فکر

P. 156

۹۲

تمس آگے بڑھکر آجانے کی صورت میں اگر ضرور پڑے تو پل کو اڑا دینے کا کام جس سردار کے سپرد کرنے بنپولین کیا تھا وہ سردار وقت آچکا ہی کر کے خیال کرلیکر بارود کی بتی کو آگ دے دیا لوگ کی بھیڑ جسمیں ہر شخص اپنے کو بچالو کرکے دوسرے

سے کہہ رہا تھا یکبارگی نہیں تھم سکی۔ سپاہیاں گھوڑے توپاں اور گاڑیاں سکے بھل لڑکتے ہوئے عمیق ندی میں جو انکھوڑی تھی گر پڑے۔ بریسینہ پر اسگے ایک بار ہوئے تھے سو مصیبتاں اِس حادثے کے سبب سے پھر بھی از سر نو کچھہ کم ہو کر وقوع میں آئے۔ مارشل ملکدنلد ندی میں سے تیر کر سلامت پار ہو گیا۔ جوانمرد پونیا تو سکی جسکی ذات سے اہل پولند کو فخر تھا اور امید بھی تھی آگے ہی دو بار زخم کھا چکا تھا پھر اپنے گھوڑے کو سیلاب میں گداتے ہی پانی میں ڈوب گیا سو پھر نہیں نکلا۔ پچتیس ہزار فرانسیس گریز کرنے کی صورتوں سے بالکل نا امید ہو جا کر اپنے ہتھیاراں شہر میں رکھہ دئے۔ چاروں شہزادے اپنی اپنی فتحمند فوج کو اپنے زیر حکم رکھہ لیکر دوپہر کے وقت لیپ سگ میں ہی سو بڑی گذری میں جا کر باہم ملے۔ اُس وقت کی خوشی میں باشندگان بھی شریک ہونے مگر اپنے خاص بادشاہ کی بدبختی کے سبب سے نہیں ہو سکے۔ یہہ پادشاہ اپنی ذات سے ہر دل عزیز تھا سب اُسکی عزت کرنے تھے وہ التجا کیا کہ اپنے کو فتحمندوں کے حضور تک پہنچاؤ مگر کوئی نہیں سنا اُسکو معاً جنگ کا قیدی بنا کے برلن کو روانہ کئے

لیپ سگ کے مقام میں قتل زخمی اور قیدی ہوئے سو لوگ کا حساب کئے تو نیپولین کو کم سے کم پچاس ہزار آدمی کا نقصان ہوا

سپاگزنی میں سے ہوتے ہوئے اہل فرانس جو بھاگے چلے جاتے تھے ان کے ساتھ
ہر قسم کی آفت ہمراہ ہوی ایسی آفت کہ جو مخالف رعایا کے ہاتھ سے اور رسد
کی تنگی کے سبب سے اور قاسک اور دوسرے سپاہیاں یکساں کا پیچھا کرتے
ہوئے رہنے سے بیٹھورا اور بیدل ہو کر رہتے سو لوگ پر واقع ہو سکتی ہی۔ نیپولین کی
نظر اپنے پر رہی تک سپاہیاں چپ چلے جاتے جس مقام میں کہ اسکی نظر سے غایب
رہتے وے آئین لشکری کے انتظام کو ایک طرف رکھ دیتے بڑے بڑے زیادتیاں
کرتے تھے۔ بادشاہ کا رویہ ایسے طور پر تھا کہ ایک بڑے دل والا شخص بڑے آفتوں کے
درمیان رہتا ہی۔ وہ تمام وقت میں صابر اور خوددار نظر آتا تھا۔ جیوں جیوں
وہ آگے بڑھ کے جاتا ہر روز ایک نہ ایک نئی آفت کی کیفیت اسکو پہنچتی تھی
نے پولین پروشن کے ہٹ جانے کی کیفیت تحقیق کرا کر اس کے تعاقب کا کام
اور بیس ہزار جوان مارشل گردچی کے سپرد کیا اور خود کو اتری براس کو جانے کی
نیت سے پھر گیا اس امید سے کہ اپنی کل فوج اور رنے کی فوج و لنگٹن کے اوپر اتار
دیوے ایسے مقام میں کہ جہاں وہ بلوچر سے کمک طلب کرنا غیر ممکن رہے۔ مگر بلوچر
نادر پر کوچ کیا ہی سو کیفیت ڈیوک کو معلوم ہوتے ہی وہ جنگ کے عام سررشتے کے موافق
حکم کر دیا کہ کواتری براس سے فوج الٹ آجاوے۔ اس کے آگے وہ کہتا تھا سو سنئے

کہ اگر کبھی برسلس کو بچانے کا کام پڑا تو سایگ نس کے جنگل کے روبرو بڑھکر واٹرلو کے کھیت میں جنگ کرنے کی بات کو پسند کرونگا۔ اب وہ اِسطرف چل دیا اِس بھروسے سے کہ بلوچر سے جنگ مقرری شروع ہونیکے آگے ہی صبح ہوی تک آپ جاکر فوج کے ساتھ ملجاوے۔ اُس روز برسات رہنے سے رستون میں خوب کیچڑ بھر گیا تھا دوسرے تمام کی نسبت کرتے انگریزی سپاہ کو اُلٹ جانے کا حکم بہت بے ہمت کر دیا۔ بہرحال انکو ہمت اُسوقت آئی جب وے معرکہ مقرری کو پہنچے بعد معلوم کئے کہ اپنے سردار کا ارادہ کیا ہی اور اپنے اپنے مقرری اڈے بلکا لیکر جنگ ہوگا کر کے یقین اُمید رکھ لیکے طوفان چل رہا سو وقت شب باشی کئے۔

۶۳

ولنگٹن برسلس کو اور انٹ ورپ کو تنہا ہوا جاویگا کرکے بادشاہ کو خود اِسقدر دُر ہوگیا تھا کہ ویسا ڈر اسکو اور کسی چیز سے نہیں ہوا۔ اِس سبب سے رومیان رُین کی وادی کو پہنچنے تک ڑسے جنگ کو موقوف رکھا۔ لابلی الینس کی بلندی پر پہنچا تو کیا دیکھتا ہی کہ سامنے کی طرف فوج کی صف کشی ہوئی ہی۔ اِس سے اُسکو بڑی خوشی ہوی۔ وہ نعرہ مارا کہ آخرش اِن انگریزون کو اپنے قبضے میں لا لیا ہوں صبح کو آندھی کم ہوئی۔ مگر وہ سارا دِن ہوا تند

قدم کے لمبے لمبے لکڑیوں کے انبوں میں لگا دیا۔ اپنی کمپنی کو ان ہتھیاروں سے مسلح کیا مگر ان ہتھیاروں سے بڑی ہلاکت سے بخشی کا کام نکلا۔

ہماری پہلی صف جب دلدل پار ہوگئی لارڈ جارج مجھے دوسری صف کو روانہ کیا اُس صف کو کچھ پکارا اور گر بڑی نہیں ہونے دیکر پار کرنے کے واسطے شہزادہ خود اپنی ذات سے اسکا سرکردہ بنا تھا۔ صف کو جا بچکر دیکھا تو ہر چیز اُس اُس کے موقع پر ہی لارڈ جارج کے پاس اُلٹ آنے کے وقت شہزادہ مجھے نظر پڑا کہ وہ قطار کے آگے لارڈ نیئرن کے ساتھ رہکر ابھی دلدل میں اترنے پر ہی پھر میں دوسرے مرتبہ اُسکے ساتھ دلدل پار ہوا۔ ہنوز ہم دلدل پار نہیں ہوئے تھے کہ دشمن ہماری پہلی صف کو جنگ کے مستعد دیکھکر گربڑی ڈالنے کی توپ چلائے۔ دلدل کے آخر میں چار قدم چوڑی ایک عمیق خندق تھی سو اُسپر سے کودجانا پڑتا تھا اور شہزادہ کودنے کے وقت اُسکے دوسری طرف گرگوں پر گر پڑا۔ میں اُسکا بازو تھام کر معاً کھڑے کر دیا۔ اُسکا چہرہ دیکھنے سے مجھے معلوم ہوا کہ پریشانی چھا گئی ہی کیونکہ وہ اِس حادثے کو فال بد سمجھا۔

لارڈ جارج جو پہلی صف کا سرکردہ تھا لنگر نیئرن کو اُنکی حیرانی سے تدصر نے نہیں دیا اور ایسی جلدی کرکر آگے بڑھگیا کہ اپنی فوج کو جنگ کے طریقے پر رکھنے کے واسطے جنرل کو یے کو

وقت تک تلوار سے جنگ کرتے رہے۔ آخرش بکتر پوش لوگ منہہ پھر اے اور اپنی

آرٹیلری کی بچاؤ کے واسطے بھاگے۔ انگریز بہت دور تک انکا پیچھا کئے اور فراسیسی

پیدل کے بیچا بیچ چلے گئے وہاں سنے سواراں انپر گولہ چلانے سے بڑا نقصان اُٹھاکر

پیچھے ہٹ گئے۔

۶۴

اُس وقت تک لارڈ ولنگٹن کے دس ہزار جوان اور بنو پارتی کے کم سے کم پندرہ ہزار

جوان مارے پڑے۔ اب ساڑھے چھے گھنٹوں کا وقت تھا۔ برشیہ کے قطاروں

کے سراں جنگل کے درمیان فراسیس کے سیدھے جانب دِسنے لگے۔ یہہ بات ظاہر ہوئی کہ

یکساں جنگ کرتا ہوا سات گھنٹوں کے شمار ولنگٹن دباکر بیٹھا ہوا ہی سو مقام

سے اُسپر آخری اور پورا حملہ کرکر نکال نہ دیویں تو اُسکے شریکاں تمام جنگ کے میدان

میں آجاوینگے اور اُسکی فوج بہت بڑھ جاکر اُسکو فتح مل جاوینگی۔ اِس سبب سے

نے پولین اپنا آخری مقابلہ کرنے کے واسطے مستعد ہوا۔ وہ ابتک اپنے خاص پہرے کے

جوانوں کو جو اُسکی بہتر فوج کی ناک تھے جنگ سے دور رکھا تھا۔ اب اُنکے دو صف

کیا اُنسے کہا کہ بہادری سے یورش کردیکھو کہ ہم جنگل میں دیکھتے ہیں سو پرشیاں

گراجی کے آگے دوڑ رہے ہیں اور ہمکو شک نہیں ہی کہ اُنکے سر پر رہکر خود بادشاہ بھی

یورش کریگا۔ الغرض وے جب حرکت کرنے لگے انکو دیکھہ لشکر بہادر بہادراں یعنے سنے کی رہبری پر چھوڑ دیا۔ اگر نے کی مزاج میں بہادری کم بھی رہی ہوتی تو حال میں جو امر کہ نمکحرامی کا اُسکے ہاتھہ سے سرزد ہوا تھا اُسکا خیال اُسکو مستعد اس بات پر کرتا کہ سب کو اپنے پیچھے ڈال دیوے

قدیم گارد کے فقط چار پلٹن جو اب بچ رہے تھے قطاروں کے کوچ کی پشتی کے واسطے چار گوشہ صف باندھے

۶۵

اس بڑے جنگ میں ولنگٹن کی فوج کو بڑا نقصان ہوا۔ سو سردار قتل ہوئے (اکثر اُنمیں کے نامور لوگ تھے) پانچ سو زخمی ہوئے۔ اُنمیں بہت لوگ کو زخم کاری لگا ریانک اور فیلڈ میں ۵ ہزار جوان قتل اور زخمی ہوئے۔ جس جگہہ کہ بڑا خطر اتفاق ہوا تمام دن ڈیوک خود آپ پڑا رہا۔ گئی تھی سو بڑی اِستاف میں سے جو لوگ کہ معرکہ جنگ میں کچھہ ایذا نہیں پا کر ثابت چلے آئے فقط یہہ ایک اور دوسرا ایک سردار تھا

اِس اخیر اور اپنے تمام جنگوں میں نہایت کٹھن معرکے کو نے پولین لیگیا تھا سو ۷۵ ہزار آدمیوں میں قتل اور زخمی ہوئے سو ہوئے اور بیدل اور نا اُمید ہو کر جدا جدا

اپنے اپنے گھروں کو بھاگ کر نکل گئے سو گئے پھر ہتھیار باندھکر جمع ہوئے سو جوانان بیس ہزار سے زاید نہیں تھے۔ پرشیان زور سے ان بدبخت بھگوڑوں کا تعاقب کئے اور لابلی الینس کے بیلیو ربہت کوسوں تک ہر کھیت سے اور موضع میں بیرحمی سے ان آفت رسیدگوں کو کاٹ کاٹرے

الغرض نیپولین فیلپس ویلی کے مقام میں ٹھہر گیا۔ اس مقام سے وہ گروچی کی طرف جانے اور باقی رہگئی ہی سو ٹکڑی کی حکومت اپنے ہاتھ میں لینے قصد کیا۔ اور نیت یہہ تھی کہ اسوقت سولت کو سپاہ کا اختیار دیا کہ واٹرلو کی باقی فوج کو اونس کے مقام میں پھر بند وبست سے جمع کرکر تیار کرے۔ مگر بلوچر چارلی روی میں آچکا ہی سو صحیح کیفیت سنکے اور گراچی سپتر جاکر قید ہوا ہی سو جھوٹھ کیفیت معلوم کرکے اپنے اراد سے باز آیا۔ اور پارس کو تپال پر جاتا ہوا اپنے سفر کو قایم رکھا۔

١٩ویں تاریخ کو دارالسلطنت میں یہہ خوش خبر مشہور ہوئی کہ تین بڑے فتح ہوئے ہیں ایک چارلی روی میں دوسری لگنی میں اور تیسری کواتیری براس میں بادشاہ کو یئے فتوح ہوئے ہیں کرکے سو توپ چھوٹے۔ اسکے علاقہ داراں شہرت دئے کہ فرانس کی آبرو بچی۔ بادشاہ کے ملازمین کے دلمیں افسردگی بھرگی۔ ٢١ویں کی صبح کو معلوم ہوا کہ شب گذشتہ نیپولین تن تنہا ایلی سی میں آچکا ہی اس بھید کو زاید

مخفی نہیں رکھہ سکے۔ ایک برا اور کامل جنگ ہوا فرانسیسی فوج باقی نہیں رہی

P. 72

۶۶

پندرھویں کو وہ اِکس کی لنگرواڑی میں جہاز سوار ہوکر نکلا۔ مگر بارے کا زور اور دریا کا جوش بہت رہنے سے میتلند بلارافن کا نا در روانہ کیا تا لاکر اُسکو جہاز پر چڑھا دے۔ اِیرویر کے جہاز کے سرداراں اور اکثر لوگ وہ رخصت ہونا سو وقت انکھہ سے آنسو نکالے اور سُنے گئے تک آوازاں بلند کر کر اُسکو دھارس دیتے تھے کپتان میتلند ادب سے اُسکے ساتھہ ملا مگر نہ سلامی توپان چلایا نہ اور کچھہ عزت کے علامتاں ظاہر کروایا۔ اوپر کے تختے پر آتے ہی نیولین اپنے کپڑے نکالا۔ اور سنجیدہ آواز سے کہا میں اپنے کو تمھارے بادشاہ اور تمھارے قوانین کی پناہ میں رکھنے آیا ہوں

بونا پارتی جیسا کہ آگے انداں تد نامی جہاز میں ہر ایک کا عزیز ہوا تھا ویسا ہی بلی رافن نامی جہاز کے سرداروں اور جہاز کے لوگ کے پاس ہر دل عزیز بن گیا۔ وہ ہر چیز کو دیکھا ہر شے کو سراہا۔ انگریزی قوم کی تعریف کیا سب سے زیادہ انگریزی جہازوں کی جمعیت کی تعریف کیا۔ اور قائل ہوا کہ ڈیوک آف ولنگٹن تمام جنگی کاموں میں اپنا ہم پلہ ہی مگر دانائی میں اپنے سے بڑھکر ہی۔ تیوئیسویں کو وے اشانت پرسے پار ہو گئے

اور نیپولین ساحل فرانس کو بہت وقت تک غم سے گھورتا رہا اور یہہ گھورنا اسکا
اخیر وقت کا ہوا۔ چوبیسویں کو بلرفان تاربی میں داخل ہوا معاً میت لنڈ کو تاکید ہوئی
کہ خبردار اسکے جہاز کے ساتھہ ساحل والوں کی طرف سے کچھہ جواب و سوال ہونے
نیاوے۔ چھبیسویں تاریخ میتلنڈ کو حکم ہوا کہ بلی سوتھہ سونڈ کو چکر مارکر چلا جاوے
اس عرصے میں بونا پارتی پہنچنے کی بات ظاہر ہوگئی بہت سے بڑوے اسیوقت جہاز
کو گھیر لئے ان میں ایسے لوگ بھرے ہوئے تھے جن کے شوق کو کوئی چیز روک
نہیں سکی۔ ان سخت ازدحاموں کے ہاتھہ سے جہاز کو بچا رکھنے کے واسطے بڑی دقت
پڑی۔ نیپولین تختے پر نمود ہوتے ہی خیر مقدم خیر مقدم کہتے ہوئے اسکو سلام کئے اور
وہ بھی اسکے جواب میں سر جھکا کر متبسم ہوا

۶۷

جنرل کوپ ستمبر کی گیارھویں تاریخ ابردین کو آیا یہہ بستی ہیدن بارا سے نود میل
فاصلے پر ہی۔ اور اپنی فوج کو دریا پر سے جنوب طرف الٹ جانے کی خاطر جہاز سوار
کیا اور اسکے واسطے لوگوں کو سوار کر لیجانے سو جہازوں کو حکم دیا پھر جہازوں کی
لنگر اٹھائے ہوا موافق تھی دنبار میں سترھویں تاریخ کو اتر پڑا یہہ بستی ہیدن
بارہ سے اٹھارا میل کے فاصلے پر واقع ہی یہاں ودیگون کے دوسرے دو رجمنت

P. 73

معاً اسکے ساتھ آکر ملے تھے رجمنٹاں برگیڈیر جنرل نوک کے علاقے میں رہکر انگلستان سے تازہ وارد تھے۔ اور نالمٹن اور گبارڈنر کے علاقے میں تھے سو ودر یگون کے رجمنٹاں بھی اِس سے یہاں آکر ملے انکو وہ شمال طرف آپ روانہ ہونے کے وقت اسٹرلنگ میں اپنے پیچھے چھوڑا تھا

لارڈ جارج مرّے کے علاقے میں ہماری فوج کے تمام حساباں موجود تھے۔ فوج پر فقط اُسکا حکم تھا اُسکو جنگی کاروبار میں بالذات خوب سلیقہ تھا فی الحقیقت اُسکے لیاقتاں بہت نادر تھے اگر نئے لیاقتاں اُسکو فنونِ جنگی کے مطالعے سے حاصل ہوئے ہوتے تو بیشک اُسکو زمانے کا عمدہ ترین میر بخشی بنانے۔ وہ بلند قامت قوی ہیکل اور نہایت مرتبے میں شجیع تھا بالاگھاتیوں کی راہبری بڑی بہادری سے کرتا اور ہمیشہ ہاتھ میں تلوار لیا ہوا سب کے اول دشمنوں کے دل میں پنچھ جاتا۔ جب وہ یورش کرنے کے لئے آگے بڑھتا یہہ کہا کرتا۔ لڑکے ہوئیں تم سے نہیں کہتا ہوں کہ میرے آگے جاؤ فقط یہی بولتا ہوں کہ میرے پیچھے چلے آؤ۔ یہہ مقولہ بالاگھاتیوں کی ہمت کو جوش میں لانے کے لئے خوب موضوع تھا مگر شہزادے کے منھہ سے ایسی بات نکلے تو اُسکا اثر بڑھکر ہوتا ہی۔ وہ تھوڑا ہی آرام پاتا ہمیشہ سب طور کے حسابات میں مصروف رہتا کبھو ماندہ نہیں ہوتا کیونکہ فقط دن تن تنہا ہمارے تمام کاروبار کے نقشے ڈھالتا اور انتظام دیتا الحاصل اُسی کی ایک ذات

سے ہمارے فوج کی رہبری ہوتی تھی۔ اسکا ہم منصب ڈیوک آف پرتھ بھی نہایت بہادر اور سب طور سے ذی عزت تھا اسکی طبیعت میں نرمی اور اخلاق بھرے ہوئے تھے مگر اسکے لیاقتاں محدود (یعنے کم) رہنے کے سبب سے وہ کسی امر میں اپنا دخل نہیں دیتا تھا۔

۶۸

P. 74

جنرل کوپ ستمبر کی انیسویں کو ہاڈنگٹن میں اپنی فوج کے ڈیرے دیا یہ مقام پیڈن بارہ کے مشرق طرف بارہ میل کے فاصلے پر ہے۔ بیسویں کو وہ ہمارے لشکرگاہ سے ساڑھے چار میل کے اندر پہنچ گیا۔ ہماری حالت پر نظر کرتے جسقدر جلد ہوسکے اسقدر جلد جنگ کرنا بالکل ضرور ہوا کیونکہ شہزادے کے بہت سے دوستاں فقط منتظر اسباب کے تھے کہ اسکے حق میں اپنی جان نثاری بتلاویں۔ وہ ستمبر کی بیسویں کو صبح کے وقت اپنی فوج کو فراہم کیا اور معاً دشمن کے ساتھ مقابلہ کرنے کے واسطے چل نکلا۔ اسکی فوج میں ایک ہزار آٹھ سو آدمی کے قریب تھے انکے ہتھیار بے ڈھب بعضوں کے ہاتھوں میں تو فقط لاٹھیاں ہی تھے۔ پیڈن بارہ میں انکو بہت تھوڑے ہتھیار ملے جو وہاں کے باشندے تولنامہ ہونے کے آگے گڑھی میں جمع کرکر رکھے تھے۔ یہہ گڑھی ایک بلند چٹان کی انی پر واقع ہونے سے بہت مضبوط بن گئی اور بلندی کے سبب سے اسکو کوئی نہیں لے سکتا

اگر لینا تو فقط قحط ڈال دیگا یا نہیں تو گرنل کے گولے چلا کر لینا ہی - جنرل کوپ
کی فوج میں چہار ہزار تربیت یافتہ سپاہی اور کئی ایک اُمیدوار تھے جنکو تعصب کا
جوش اُسکے جھنڈے کے ساتھ لاکر ملا دیا تھا مگر انکو طاقت اسبات کی نہیں تھی کہ
ہمکو کچھ اذیت پہنچا سکیں

دوپہر کے بعد دو گھنٹوں کے قریب دشمن کی گولی کے مار کے اندر ہم پہنچ گئے یہاں
ایک ٹیکری کے پیچھے ہم اُتر پڑے جنرل کوپ کا لشکر خوب نظر پڑتا تھا وے جنکر بڑی
ہنرمندی کے ساتھ وہ اڈا بلکائے تھے - جتنا ہم جانچکر دیکھے اتنا ہمکو معلوم ہوا کہ اُسپر
حملہ کرنا غیر ممکن ہی سب پریشان ہو گئے کچھ نہیں سدھرتی تھی کہ کیا کریں - زمین مسطح
رہتی تو بالا گھاتیوں کی ہمت اور شجاعت اپنے لوگوں کو جواب دینے کے واسطے
بس تھی مگر کسی طرف سے لگا نہیں لگتے سو مقام میں چہار ہزار کے روبرو اتھارہ سی
آدمی کیا کر سکینگے؟ - دشمن کے لشکر گاہ کو قدرت سے مضبوطی ہو کر تھی اتنی چھوٹی فوج
کے واسطے وہ مقام بہت خوش بنا تھا - جنرل کے سیدھی طرف دو حصار تھے اطراف
اُنکے پتھر کے دیوار چھے سات قدم کے بلند تھے انکے بیچ میں سے ایک راستہ بیس قدم کے
قریب چوڑا پرسٹن یا انس نامی کھیڑے کو چلا جاتا تھا - اُسکے سامھنے اور ایک حصار
تھی جسکے اطراف ایک عمیق خندق پانی سے لبریز دو سو بارہ قدم کی چوڑی اور دلدل کی

زمین کی موہری بنی ہوی تھی۔ اُسکے بائیں طرف دلدل تھا جو جاکر ایک ڈونگان تالاب
میں ملا تھا اور اُسکے پیچھے دریا تھی غرض اُسکو قلعے کی مانند حصار ہو کر تھا چنانچہ محاصرے
کے سوائے اُسپر یورش کرنا ممکن نہیں نظر آیا۔ دوپہر کے بعد ہم اُس کے مُقام کی قراولی کرتے
گذارے چنانچہ جانچکر جتنا اُسکو دیکھتے اُتنا ہماری بیقراری اور تشویش بڑھہ جاتی تھی
کیونکہ اُسپر حملہ کرنے کی بات ممکن نہین نظر آتی اگر کریں تو ذلت اور خرابی کے ساتھہ اپنے
کو پُرزے پُرزے کر ڈالنا پڑتا تھا۔ غروب آفتاب کے وقت ہماری فوج ترانست نامی
کھیڑے کی طرف گئی وہ ہمارے داہنے بازو تھا وہاں زمینِ دلدل کے روبرو ایک
نیا مُقام بلکائے۔

۶۹

P. 75

صبح کے ہونے ہونے جنرل کوپ کی فوج سے دو سو ڈگ کے فاصلے پر ہماری پہلی صف
لڑائی کے واسطے جو ترتیب پائی تھی اُسکو جھڑپاں ہیں کرکے جنرل سمجھا۔ اِس
میں بارہ سو آدمی تھے۔ ہماری دوسری صف میں چھے سو آدمی اِس قبیل کے
تھے جنکے ہتھیار بے طور اور اکثروں کے ہاتھہ میں جیسا ہم آگے کہہ چکے ہیں فقط
سنٹکے اور لاٹھیاں تھے۔ پرتھہ کی رجمنت کا ڈیوک کپتان ماک گریگر دوسرے
ہتھیاراں نہیں رہنے کے سبب سے دراتیاں جو اگر کر انکو تیز کیا اور ستا آتھہ

قدم کے لینے لینے لکڑیوں کے انبوں میں لگا دیا۔ اپنی کمپنی کو ان ہتھیاروں سے مسلح
کیا مگر ان ہتھیاروں سے بڑی ہلاکت سے بخشی کا کام نکلا۔

ہماری پہلی صف جب دلدل پار ہو گئی لارڈ جارج مجھے دوسری صف کو روانہ
کیا اُس صف کو کچھ پکارا اور گڑبڑی نہیں ہونے دیکر پار کرنے کے واسطے شہزادہ
خود اپنی ذات سے اُسکا سرکردہ بنا تھا۔ صف کو جاکر دیکھا تو ہر چیز اُس اُس کے
موقع پر رہی لارڈ جارج کے پاس لٹ آنے کے وقت شہزادہ مجھے نظر پڑا کہ وہ قطار
کے آگے لارڈ ہیرن کے ساتھ رہکر ابھی دلدل میں اترنے پر رہی پھر میں دوسرے مرتبہ
اُسکے ساتھ دلدل پار رہا ہوا۔ ہنوز ہم دلدل پار نہیں ہوئے تھے کہ دشمن ہماری پہلی صف
کو جنگ کے مستعد دیکھکر گڑبڑی ڈالنے کی توپ چلائے۔ دلدل کے آخر میں چار
قدم چوڑی ایک عمیق خندق تھی سو اُسپر سے کود جانا پڑتا تھا اور شہزادہ
کودنے کے وقت اُسکے دوسری طرف گر گھوں پر گر پڑا۔ میں اُسکا بازو تھام کر معاً
کھڑے کر دیا۔ اُسکا چہرہ دیکھنے سے مجھے معلوم ہوا کہ پریشانی چھا گئی ہے کیونکہ وہ
اس حادثے کو فال بد سمجھا۔

لارڈ جارج جو پہلی صف کا سرکردہ تھا انگریزوں کو انکی حیرانی سے سدھرنے نہیں دیا
اور ایسی جلدی کر کر آگے بڑھ گیا کہ اپنی فوج کو جنگ کے طریقے پر رکھنے کے واسطے جنرل کو وقت

فرصت ملنے نپائی اُسوقت بالا گھاٹیاں ہاتھہ میں تلوار لئے ہوئے اُن پر گرے - اُنکو بارہا تاکید اِس بات کی ہوئی تھی کہ سواروں کی پرواہ نہیں کرکر اپنے تلواروں سے گھوڑوں کے ناکوں پر نشانہ باندھا کریں - کیونکہ جب کسی گھوڑے کی ناک پر زخم لگتا ہی اُسوقت وہ چکراں ہی کھاتا رہتا - چند گھوڑوں کو اگر اسطرح سے زخم لگ جاوے تو ایک رسالے کا رسالہ ایسی کچھہ پریشاں حالی میں آجاتا ہی کہ پھر اُسکا سنبھالنا غیر ممکن ہو جاتا - اس تاکید کو وے بلا عذر و تفاوت عمل میں لائے اور انگریز کے سوار معاً پریشانی میں پڑ گئے -

ماک گریگر کی کمپنی والے اپنے درانتیوں سے ہتنوں کا قتل کئے - گھوڑوں کے پاؤں کو دو دو کر ڈالتے اور اُن کے سواروں کو کمر میں سے دو بنا دیتے تھے - ماک گریگر شجیع اور بہادر آدمی تھا مگر وسواسی اور ندرت کی مزاج کا بھی تھا - اپنی کمپنی کے ساتھہ یورش کرنے کے لئے بڑھکر جانے کے وقت اُسکو پانچ زخم لگے اُسمیں دو زخم گولیوں کے تھے جو اُسکے بدن سے آر پار ہو گئے تھے -

۷۰

انگریزوں پر خوف ناگہانی ایسا کچھہ طاری ہو گیا کہ خیال میں نہیں آسکتا - وے اپنے اپنے ہتھیار پھینک دئے تاکہ جلدی کر کے بھاگ جا سکیں - بالا گھاٹیوں کے اِنتقام کی

روک ڈالنے کے واسطے جو جو ہتھیار کہ ان کے پاس تھے مارے ہیبت کے ہاتھ سے
کھو دئے ۔ اتنے بہت آدمیوں کی کثرت پر نظر کرتے ممکن تھا کہ ہزیمت کے وقت اپنے
میں انتظام و بند و بست کو بحال رکھیں مگر ایک شخص کے بھی دل میں اپنے کو بچانے
کا خیال نگذرا ۔ ہیبت بالکل انکے دلوں میں بھر گئی ۔ چودہ برس کی عمر والے ایک نو
جوان بالا گھاتی کو میں دیکھا جو ہنوز تیار نہیں ہوا تھا کہتے ہیں کہ چودہ دشمن کو مار ڈالا
اسکو بادشاہ کے روبرو بطور عجوبے کے لاکر حاضر کئے ۔ بادشاہ اس سے سوال کیا کہ آیا
یہہ بات سچ ہی ؟ جواب دیا کہ میں انکو مار ڈالا ہوں یا نہیں سو مجھے خبر نہیں مگر یہہ یقین
ہی کہ میں اپنی تلوار کے بل چودہ سپاہیوں کو زمین پر لا ڈالا ۔ دوسرا ایک بالا گھاتی
دس سپاہیوں کو بادشاہ کے روبرو حاضر کیا ان کو وہ اپنے قیدی بنا کر ڈوں کے سندے
کو نانکے سر کھا تک لیکر آیا تھا ۔ یہہ بالا گھاتی بلے مانند سختی کے ساتھ معرکہ جنگ سے تھوڑی
دور تک دو جھاڑ کے مابین تھا سو ایک رستے میں ایک گروہ کا پیچھا کر کر سب کے
پیچھے تھا سو ایک آدمی کو اپنی تلوار سے مار نیچے گرا دیا پھر سگا للکار کے بولا کہ اپنے
ہتھیاراں ست دو ۔ خوف زدہ سپاہیاں پیچھے الٹ کر نہیں دیکھے اپنے ہتھیار
ڈال دئے اور بالا گھاتی اپنے ایک ہاتھ میں طپانچہ اور دوسرے ہاتھ میں تلوار
لیا ہوا اُنسے بولا میں جیسا بولتا ہوں ویسا سنو ۔ ئے لوگ جب اپنے کو دیکھے کہ ایک ہی

تن تنہا شخص کے قید میں آپ آگئے ہیں انکو غصہ اور نا امیدی کس مرتبے میں آئی ہوگی سو اسکا خیال آسانی سے کرلے سکتے ہیں۔

۱۷

اس فتح کے سبب سے شہزادے کی فوج ہر روز زیادہ ہوتی چلی اور تھوڑے ہی عرصے میں چار پانچ ہزار سپاہی تک جمع ہوگئے۔ وہ تب انگلستان میں گھس جانا کرکے بیقرار ہوا اور اس بابت میں برادری کے تمام سرداروں کو جمع کرکے شورہ کیا مگر اسکی رائے کسی کے پسند نہ آئی۔ بادشاہ جارج سیتمبر کی گیارھویں تاریخ انگلستان کو الٹ آیا اور جنرل کوپ کو ہوئی سو شکست کے سبب سے خوفناک ہو کر مقام قلباندرس میں تھے سو رفیقوں کی فوج میں سے تمام انگریزی سپاہیوں کو پھر بلا لیا۔ سرداران شہزادے سے عرض کئے چونکہ انگلند کے بچاؤ کی خاطر پچاس ہزار آراستہ سپاہ موجود ہیں اور بہت سا ساز و سامان دھرا ہی پس مٹھی بھر جوان رکھ لیکر اسپر چڑھ جانے کی سعی کرنا فقط مسخری کرلینا ہی۔ بعض سرداران اسکو یہاں تک کہے کہ ہم اپنے مالوں اور جانوں کو خطرے میں ڈالکر ہتھیار جو پکڑتے ہماری نیت فقط یہی تھی کہ اسکات لند کے تخت پر تجھے بٹھادیں مگر انگلستان میں کچھ دخل دینے کے لئے ہم نہیں چاہتے۔ غرض شہزادہ جھوٹھ موٹھ بات بناکے ان سے بولا کہ انگریزی تھوڑا لارڈوں

پاس سے مجھے خطوط آئے ہیں وے بالیقین مجھ سے بولتے ہیں کہ اگر میں ان سرحدوں
پر جاؤں تو وے ہتھیار باندھے ہوئے انگریزی لشکر بہت سا لیکر میرے سے آکر مل
جاتے ہیں برادری کے سرداروں کو آخر الامر اُسکی بات پر آنا پڑا اور بہت سا
بحث و تکرار ہوئے کے بعد اُسکی تجویز کو قبول کئے۔ شہزادہ اسکاٹلند کو بجا لیکر
پڑے رہنے کے درعوض نومبر کے غرّے کو ئیدن بارہ سے اپنی فوج رکھ لیکر روانہ ہوا
یہاں وہ اتنے دن بھی اقامت نہیں کیا کہ اس مملکت کا وہ بالمقطع مالک ہی کر کر
سمجھیں اور اس اپنی فتح کو سنبھال لیکر رکھنے کے واسطے اُسکو فقط یہہ لازم تھا کہ مناسب
آئین اختیار کر کر اچھے شوروں کی پیروی کرے۔ یہہ مہم اگرچہ بہادرانہ تھا لیکن بے
تدبیری سے بھرا ہوا کیونکہ کبھو ایسا وقوع میں نہیں آیا۔ چار ہزار پانچ سو بالا گھاٹیوں
کو رکھ لیکر انگریزی فوجوں سے مقابلہ کرنے اور انگلستان پر فتح پانے کے لئے کوشش کرنے
کونسا مرد معقول خیال کریگا؟ سچ ہی کہ وے شجیع ثابت قدم دم آخر تک لڑنے ہارے اور
نا بامان اپنے جانوں کو مفت نہیں دینے ہارے ہیں اور سوائے فتح کے یا موت کے
دوسرا کچھہ علاج نہیں جانتے مگر ان مٹھی بھر جوانوں کے اور انگلستان کی تمام فوج کے
درمیان اتنا بڑا فرق تھا کہ کامیابی کی اُمید کچھہ بھی نہیں رہی۔

برادری کے سرداران بادشاہ کو جواب دئے کہ ہماری فوج کے ساتھہ ساز وسامان کا کچھہ لگاؤ نہیں ہی بالاگھاٹیاں نہایت مرتبے میں چالاک اور مضبوط ہیں چنانچہ انگلند میں داخل ہوئے کے بعد اکثر مرتبہ ایسا ہی ثبوت کو پہنچکر ہی ایک دِن میں وے بیس میل چلتے اور اوارہ گردوں میں سے کسی کو نہیں چھوڑ دیتے ڈیوک آف کمبرلاند فقط چند ساعت تک کوچ کرتا تا تو وسے کبھی نہیں چھوڑینگے کہ وہ آکر ہمکو پکڑ لیوے کیونکہ اُسکی فوج سر کے دِن خراب راستے میں بارہ میل بھی چل نہیں سکتی اگر چلے تو آدھے سپاہی تک پیچھے پڑجادینگے۔ پس اس فوج سے ہمکو کچھہ ڈر نہیں۔ مارشل ویڈ کی فوج سے ڈرنا تھا تو ہم جب انگلند میں داخل ہوئے تھے تب ڈرنا تھا اب ڈرنے کی خاطر کچھہ بڑا سبب نہیں۔ سب سے بہتر اب یہی بات ہی کہ ہم اسکے ساتھہ صف آرائی کریں کیونکہ ہم اُسپر فتح پاویں تو انگلند سے شان کے ساتھہ ہمارے ہاتھوں میں ہتھیار رکھے ہوئے چلے جا سکتے ہیں یہہ امر بالاگھاٹیوں کی تشفی کا ہوگا اور وسے پسپا ہوویں تو اُن کے امیداں توٹ جاوینگے۔

آخر الامر پسپا ہونے کی بات دوسری صبح پر یعنے دسمبر کی چھٹویں کو ٹھہری۔ اور یہہ کیفیت خوب چھپا رکھنے کے واسطے چند ساعت صبح کے آگے ہم ڈربی چھوڑ کر نکلے۔ بالاگھاٹیاں پہلے خیال کئے کہ ہم کمبرلند کے ڈیوک پر حملہ کرنے کے واسطے کوچ کر رہے ہیں

اس خیال سے بہت ہی خوشاش و بشاش نظر آئے۔ مگر پھر دیکہ دن کی روشنی میں وے اپنے اطراف تھے سو چیزوں پر نظر کئے اور ہمارے قدموں کو مراجعت کرتے ہوئے دیکھے تمامی لشکر میں سوائے غصے اور رونے کے آوازوں کے اور کچھ سنا نہیں جاتا تھا۔ اگر ہمکو شکست بھی ہوتی تو اس سے بڑھکر غم ہوتا۔

P. 78

۷۳

سولھویں کو ہمارا لشکر مقام شاپ میں شب باشی کیا مگر ہمارے توپار مقام کینڈال سے ساڑھے چار میل کے فاصلے پر رہگئے تھے۔ لشکری اسباب کے بعض بندیاں چار چاکی ٹوٹ جانے سے ہمکو تمام شب شاہ راستے پر پڑے رہکر بارے اور برسات کے ہولناک طوفان میں مبتلا ہونا پڑا۔ سترھویں کو شاہزادہ فوج لیا ہوا پنرتھ کو آپہنچا۔ مگر لارڈ جارج کے ساتھ تھے سو توپاں اور گلن گیری کے ملک ڈنلڈس کی رجمنٹ پانچ سو جوان کی جو ہمارے توپوں کی بدرقے کی تقویت کے لئے ہمارے ساتھ رہگئی تھی رات کے ہونے ہوتے ہی مشکل سے فقط شاپ تک آپہنچے۔

اٹھارھویں کو صبح صادق کے وقت پنرتھ میں ہمارے واسطے انتظار کر رہی تھی سو اسے جا کر ملنے کے لئے مقام شاپ سے ہم روانہ ہوئے۔ ہم ابھی اپنا کوچ شروع نہیں کئے تھے ہیں کیا دیکھتے ہیں کہ دشمن کے بہت سے چھوٹے سوار ہمارے گرد و نواح چکر لگا

چل رہے ہیں مگر جرأت کر کر گولی کے مار کے اندر نہیں آتے تھے۔ اِن چھوٹ سواروں
کا نظر آنا زیادہ عجب معلوم ہوا کیونکہ انگلنڈ میں جب سے کہ ہم گئے تب سے ابتک
کوی سوار ویسا نظر نہیں پڑا تھا۔ اُس بستی کے اور مقام شاب کے بیچا بیچ آدھی دور
پر ایک ٹیکری تھی نیرتھہ کو جانے کے واسطے اُسپر سے عبور کرنا ہمکو لازم تھا دوپہر کے
وقت ہم اُسکے دامان میں آپہنچے اور اُسپر چڑھنے لگے ایسے میں سواراں ہمارے نظر پڑے
کہ دو دو ملکر اُس ٹیکری کی بلندی پر چڑھ رہے ہیں معاً وے گم ہو گئے اور ہمکو رستہ
نہیں دینے کے واسطے ٹیکری کے پیچھے جا کر جنگ کے مستعد ہو کھڑے رہے وے عدد میں
کتنے تھے سو بسبب ٹیکری کے ہمکو معلوم ہونے نہ پایا۔

زیادتی

P. 78

۷۴

کمبرلنڈ کا ڈیوک ہمارے پسپا ہونے میں خلل ڈالنے کی نیت سے جلد اجلدی کوچ
کرتا ہوا کلفتن ہال کو چہار ہزار سپاہ جو لایا تھا اُنکے ساتھ مارشل ویڈ آکر ملنے
سے اور وہ اپنے پیچھے چھوڑ آیا تھا سو باقی کی فوج بھی آکر پہنچ جانے سے ہمکو بڑی ہیبت
ہو گئی ہم تمام رات کوچ کر کر دسمبر کی اُنیسویں کو صبح کے آٹھ گھنٹوں کے وقت کبارلسلی
کو پہنچے۔ اور دوسری صبح کو پو پھٹنے کے آگے کبارلسلی سے نکل گئے یہاں بستی
کی حکمرانی کے لئے میان شسترمیں کھڑے کئے تھے سو انگریزی رجمنٹ کے ساتھ

بدنصیب مسٹر نوئلی کو شاہزادہ چھوڑ دیا اور مسٹر ہاملٹن کو ڈیوک آو پرتھ کی رجمنٹ۔ کہ چند کمپنی دیگر گڑھی کی حکومت پر رکھا۔ اُن سے شہزادہ اقرار کیا کہ چند روز میں تمھاری کمک کی خاطر اُلٹ آتا ہوں۔ حالانکہ یہہ بات عقل کے روسے غیر ممکن نظر آئی کیونکہ انگلنڈ کے تمام نوجاں باہم مل جانے پر تھے اور ہمکو اُنکے روبرو سے بھاگ جانیکی کوشِس کرنا ناگزیر پڑا تھا۔

ہم ان بدنصیب لوگون کو قربانی بکرے بناکر کبارلیلی میں چھوڑ دینے کے واسطے کیا سبب تھا سو ہرگز میرے خیال میں نہیں آتا۔ شہزادے کے ساتھ کچھ لوگ لاک بوجھہ زیادہ نہیں تھا۔ یہہ بھی گمان نہیں کرسکتے کہ ڈیوک آو کمبرلنڈ اور مارشل ویڈ کے باہم ملے ہوئے فوجوں کے ساتھ جنکے پاس بیشمار باروت گولا موجود تھا ایسے بے بچاؤ مقام میں ئے لوگ مقابلہ کرسکینگے۔ یہہ بھی خوب معلوم تھا کہ ہم انگلنڈ میں داخل ہونے کے وقت اُسکو بڑی آسانی سے لے لئے تھے۔ وہ بالکل بے بچاؤ رہنے کے سبب سے اگر چہار گھڑی اُسپر گولے چلیں تو تھام نہیں سکیگا۔ ایک کھلے میدان میں مورچہ بندی کر کر رہنا سو لشکرگاہ اُسکی نسبت کرتے ہزار مرتبہ بہتر تھا۔ سِوا اسکے یہہ بھی گمان نہیں کرسکتے کہ معاً اُسپر محاصرہ کرنے کی خاطر ڈیوک آو کمبرلنڈ کچھ سُستی کریگا۔ چونکہ لارڈ جان ڈرمنڈ ہمارے ساتھہ آکر مل جانے کے لئے نکلا نہیں تھا

اِس واسطے ہمکو لازم پڑا کہ اُس سے جا کر مِل جانے کی خاطر پسپا ہوکر اِسکا ٹلمنتہ کے بیچ
مین چلے جاوین - بعض لوگ ایسا بھی بولتے ہین کہ اُن بدنصیب قلعہ والون کو وہان جو
چھوڑ دئے اُس مین حکمت یہہ تھی کہ ڈیوک آو کمبرلینڈ کی ضیافتِ طبع کے لئے یہہ طعمہ
بنا کر اُسکے خیال کو ہمارا تعاقب کرنے سے باز رکھین تاکہ ہم کو فرصت اِسبات کی
ملے کہ انگریزی فوجون سے کِسی نمط کی مُزاحمت نہین اُٹھا کر آرام کے ساتھہ پسپا
ہوکر چلے جاوین -

پسپا = منہ پھیر کر جانا

۷۵

دسمبر کی بیسوین تاریخ صُبح کے تین گھنٹون کو ہم کبارسلی سے نِکلکر بارہ کے دو
گھنٹون کے وقت ایسک نامی ندی کے کِنارون پر پہنچے یہہ ندی اِسکاٹلنڈ اور
اِنگلنڈ کے درمیان واقع ہوکر ایک کو دوسرے سے جُدا کردی ہی - یہہ ہمیشہ
اُتھل رہتی مگر چند روز سے ہمیشہ برسات ہوکر اُسمین چار قدم کا پانی آگیا تھا غرض
ہمکو اُسمین سے معاً پار ہوجانا لازم پڑا کہ مبادا رات تمام برسات پڑتا ہوا ہمکو
راستے کو بالکل بے عبور نکر ڈالے - اب ہمارا حال بہت ہی نازک بن گیا - ہمکو فقط
انگریزی فوجون کے ساتھہ مقابلہ پڑا تھا سو نہین بلکہ ڈنڈرمانڈی اور تورنے
کے گیارسنون کے پیچھے ہزار دو لیکر انگلنڈ مین اُتر پڑے تھے ہسپانس فودسوس کے

ساتھہ بھی مقابلہ کرنا پڑا۔

ندی کے رستنے کا انتظام بہت ہی درستی کے ساتھہ دئے۔ ہمارے پیدلونکو
جس راستے پر سے کہ گذرنا پڑتا تھا اسکے اُپراتے شمار پچیس قدک کے فاصلے پر طغیانی
آب کا زور توڑنے کے واسطے ہمارے سواراں ندی میں کھڑے رہگئے۔ پھر
بالا گھاتیاں دس دس بارہ بارہ آدمی صفاں باندھے ہوئے اور ایک کے بازو
میں ایک کا بازو لئے ہوئے اس طور پر چلدئے کہ ندی زور کی سو وقت ایک
لگ دوسرے کو ہوسکے اور اپنے صفوں کے مابین پانی جانے کے واسطے مکتفی
فاصلہ بھی چھوڑے تھے۔ سواراں ندی میں رستے کے ملاتے بھی کھڑے ہوے
اس نیت سے کہ اگر کوئی طغیانی کے زور سے بہہ جاوے تو اسکو اٹھا کر بچا
لیویں۔

P. 80

۷۶

یہہ برا موسم جو ہمارے حق میں جنگ کے وقت مناسب ہوکر ہماری فتح ہونیکا
سبب پڑا تھا چلکر ہمارے ہی واسطے ہرگز نہ بن گیا کیونکہ شکست یافتہ دشمنوں کا
تعاقب کرنے سے اور انکی فوج کا نام و نشان اسکا تلنددمیں نہیں رہے سرکھا اسکو
منتشر کر ڈالنے سے ہمکو باز رکھا۔ اگر ہم ایسا کئے ہوتے تو اُس شہر میں بہت دن
تک ہم آرام پاتے کیونکہ اس فوج میں پرانے پرانے رجمنتاں اور انگریزوں کے بہتیرے

پریشان

سپاہی تھے۔ دوسرے دن یعنے اٹھارھویں کو تمام ایسی شدت سے طوفان چلتا رہا اور ایسی کثرت سے برسات اُنڈیلتا رہا کہ کوئی بھی گھر چھوڑ کر باہر نکل نہ سکا۔ شام کے وقت سات گھنٹوں کو شہزادے کے یہاں گیا تو اسکی کوٹھری میں کسیکو نہیں دیکھا مگر میں جب رخصت ہونے پر تھا مستر سلون شہزادے کی خلوت گاہ سے نکلکر مجھے بولا کہ دشمن کے پاس سے چھین لئے تھے سو توپ موسم کی بدی کے سبب سے میدان جنگ میں ہی پڑی ہی اُسپر نہ کوئی پہرہ ہی نہ کوئی نگہبان میں چاہتا ہوں کہ تم ایک سارجن اور بیس آدمی کی گبارد رکھہ لیکر وہاں جاویں اور شب باشی اُن ہی کے ساتھ کریں پھر وہ بولا کہ تمھارے ہمراہ ہونے کی خاطر وہ گارد نیچے تیار ہی۔ میں اُس گروہ کے ساتھ چلدیا سارجن کے ہاتھ میں ایک قندیل تھی مگر اُسکا چراغ جلد بجھ گیا اور بسبب اس حادثے کے ہم معاً اپنا راستہ گم کئے اور اُس پہاڑ کے دامان میں بہت وقت تک مُردوں کے ڈھیکوں پر آوارہ گردی کرتے رہے حالانکہ شب بہت تاریک تھی باوجود اس تاریکی کے وے اپنی سفید رنگی سے معلوم پڑتے تھے کہ مُردے ہیں اِس تماشاگاہ کے ہول وہیبت سے ہماری مزاج جو منغص ہوگئی تھی اُسپر علاوہ یہہ ہوا کہ ہوا اور برسات کا صدمہ پورا ہمارے چہروں پر تھا میرے گھوڑے کے بدن میں ایک رعشہ پڑ گیا بیقراری سے بڑی حرکت کرنے لگا جب اسکو مُردوں کی ڈھیکوں پر پیر ڈالنا اور اُن پر چڑھنا پڑتا تھا۔

ہر وقت لرزنے لگتا تھا۔ غرض بہت وقت تک ہم اِن مردوں میں آوارہ گردی کئے آخرالامر توپ کا سُراغ ہمکو لگا۔ جب میں فِل کرکی کو الٹ آیا تب سمجھا کہ ایک سخت بوجھ سے مجھے سبکباری حاصِل ہوی مگر یہہ ہولناک تماشا جو میں دیکھا تھا مُدت تک میری آنکھوں میں پھرتا اور من میں بستا رہا۔

P. 81

۷۷

ابردین نامی ایک بڑی بستی اِنوَرنِس سے ایک سو چھبیس میل کے لگ بھگ فاصلے پر واقع ہی وہاں کمبرلنڈ کا ڈیوک آتے ہی اپنی فوج کو اُس بستی کے محلوں اور گرد و نواح میں تقسیم کردیا اِس نیت سے کہ بہار کا خوش موسم شُروع ہوئے تک وہاں اقامت کرے۔ اِستراتھ بوجی میں ہی سو کیتھہ کی چھوٹی بستی وہ بلکایا تھا سو مقاموں کے گویا بیچا بیچ میں واقع ہوی تھی وہاں بھی وہ اپنی کچھہ فوج رکھا تھا۔ مستر گلاس گو نامی ایک سردار اَیرلنڈ کا باشندہ فرانس کا نوکر شہزادے سے عرض کیا کہ مقام کیتھہ سے انکو ہٹکانے لگا دوں اور فقط دو سو آدمی کی ٹکڑی میرے ساتھہ کردو تو میں یہہ کام کرتا ہوں کہکے شرط کیا۔ شہزادہ شُروع میں پس و پیش ہوا کیونکہ اِس مُہم کی کامیابی کے بابمیں اسکو بڑا شک تھا آخرالامر راضی ہوگیا۔ گلاس گو کا مُہم جس مرتبے میں کہ بہادرانہ تھا اُسی مرتبے میں پُرخطر بھی تھا۔ غرض دانائی اور ہُنرمندی سے اُسکی ہمراہی لیکر

اطراف

نکلا الوجوہ سرسبز و کامیاب ہوا۔ اپنے کوچ کے واسطے یعنے رستے میں اتنا وقت
لگیگا کرکے جو وہ خیال کیا تھا اُتنا ہی وقت گذرتے ہی کسیکو نہیں معلوم ہوئے سرکیا
رات کو ایک گھنٹے کے وقت وہ کیتھے میں آپہنچا۔ تھانے پر کھڑا تھا سو پہرے
والا پکار کے پوچھا کون جاتا ہی؟ مسٹر گلاس گو جوابدیا۔ دوست۔ پھر پہرے دالے
کے پاس پہنچکر اُسکو اپنی خنجر سے مار ڈالا۔ بالاگھاٹیاں معاً گیارڈ پر یورش کرنے
شروع میں کچھ مقابلہ کئے مگر معاً ہتھیار رست دئے۔ تب ایک لحظے کی بھی فرصت
نہیں لیکر بستی میں تمام ڈوڑ گئے سپاہیاں جو باشندگوں کے گھروں میں
رکھے گئے تھے انکو پکڑکر قیدی بنالئے۔ مسٹر گلاس گو اُس امر کو ایسے سلیقے سے
نبھیڑا کہ ایک گھڑی سے کم عرصے میں اپنا مقصد حاصل کرکر ایک سو اسی قیدی
کو ہمراہ لے اُلٹ آیا دوسرے دن شہزادے کے روبرو انکو حاضر کردیا۔ اس
بہادرانہ مہم کا نتیجہ بہت ہی اچھا ہوا انگریزوں کے دلوں میں اسکا اثر ایسا
کچھ ہوا کہ دسے سمجھے اپنے کو کہیں بھی امن نہیں پھر اس سرد سیر اور پہاڑی ملک
میں عین زمستاں کے وقت انکو لازم پڑا کہ اپنی نوکری دوھری بجالاویں۔
اسکے تعب سے بیماری اسقدر بڑھ گئی کہ ابردین کے اسپتالوں میں اور دیوک آف
کمبلینڈ کے ہیڈکوارٹرس میں بیماراں بھر گئے۔

ایسے موقعہ میں اور فرتھ سے ہم جسطرف کہ تھے اُسطرف کے دوسرے چھوٹے
بندروں میں مچھلیاں پکڑنے کے چھوٹے بڑے تمام بڑ دسے جو مل سکے فندھارن
لانے کے واسطے شہزادہ حکم کیا فرتھ تین میل کے لگ بھگ چوڑی ہی۔ اور تاریخ
انیسویں بیسویں کے مابین رات کے وقت ہم اُن بڑوں میں سمائے اُتنے لوگوں
کو سوار کر دیکر ڈیوک آو پرتھ کے علاقے کر دئے اِس مہم کی حکومت پر وہی مقرر
ہوا تھا۔ ڈیوک اپنے ہمراہ اٹھارہ سو آدمی کو لے لیا صبح کے وقت شب دود جو کثرت
سے گر رہا تھا اُس مہم کے حق میں بہت مفید تہا وہ اپنی ٹکڑی کو لیجا کر دشمن کے بہت
ہی نزدیک اُتار لیا اور نئے ہاتھوں میں تلوار لئے ہوئے جلدی کر کر پچاس ڈگ کے
اندر ہوگئے تک دشمن کے نظر نہیں پڑے۔ بالا گھاتیاں اپنے پر گرنے کے لئے مستعد
ہیں سو دیکھکر دشمن ایسا کچھ گھبرا گئے کہ اکثر اُن میں سے اپنے اپنے ہتھیار ڈال
دیکر ہم جنگ کے قیدی ہیں کر کے کہتے ہوئے علاقے میں آگئے۔ تھوڑے بھاگ کر
بچ گئے لارڈ لوڈن بھی بھاگ گیا۔ ڈیوک آو پرتھ اُسی روز سیکڑوں قیدیوں کو لے
انورنس کو اُلٹ آیا ایک توپ نہیں چلا یا ایک قطرہ لہو نہیں بہتا۔

اُنیسویں کو ڈیوک آو پرتھ کے حوالے ٹکری ہو گئی کے جو بستر مکڈنلڈ اسکات ہوس کا باشندہ
تمام دِن میرے ساتھ رہنے کی نیت سے آیا۔ اُسکی عُمر چالیس برس کی تھی چہرہ خوش ڈیل
ڈول پسندیدہ شکل اُسکی عُمدہ اور حاکمانہ تھی۔ ایک لایق اور بہادر آدمی میں ہمیشہ
رہتے سو خصلتاں اُسمیں موجود تھے شجیع تھا مہذب اور احسان دوست دِل اُسکا
دُرُست رائے اُسکی صایب تھی۔ اگرچہ اُسکی میری دوستی فقط شہزادے کے مُہم میں شروع
ہوئی مگر مجھے اُسکی لیاقت کیسی ہی اور صُحبت کے برکات کیا ہیں سو جلد معلوم ہو گیا اگرچہ
ہماری عُمر میں برا فرق تھا تسپر بھی میری اُسکی گاڑی دوستی ہو گئی۔ وہ میرے ساتھ
سب طور سے محبت پدری کرنے لگا۔ ازبسکہ وہ بالطبع زندہ دِل اور خوشباش تھا ایکبار
جب وہ میرے پاس آیا اُسکے چہرے پر آثار ملالت کے پائے گئے۔ اِسکا سبب میں پوچھا تو وہ

خفگی

مرد معقول آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا کر مجھے جواب دیا آہ شفیق باپ ہونا کیا ہی سو تم نہیں
جانتے۔ آج شام کو ایک ٹکری لارڈ لوڈن پر حملہ کرنے کی خاطر جاتی ہی تمکو معلوم نہیں
مجھے ایک لڑکا ہی جسے میں نہایت عزیز رکھتا ہوں وہ اُسکی رجمنٹ کا عُہدہ دار ہی
اِس نوجوان کو یہہ خدمت جو میں پیدا کر کے دیا میں اپنے کو بہت خوش طالع سمجھا تھا
مگر میرے خیال میں یہہ بات نتھی کہ شہزادہ اِسکا تلند میں اُتر پڑیگا۔ شاید میرے نصیب میں
ایسا لکھا ہی کہ ہماں میرے بچے کو اپنے ہاتھ سے مار ڈالوں اور جو گولی کہ میں اپنے بچاو کے

واسطے چھوڑ دوں میرے ہی کہیں موت کا سبب ہو جاوے بہر حال اگر میں لڑکی کے ہمراہ جاؤں
تو احتمال ہی کہ اُسکو بچاؤں اگر میں بچاؤں تو شاید وہ دوسرے کسی کے ہاتھ سے مارا پڑے۔
بیچارے اِس کاتہوس کے بیان سے مجھے نہایت رنج ہو گیا میں بھی اُسکے ساتھ رونے لگا اگر
میں اس نوجوان کو جو ایک محبت بھرا باپ کے حق میں تشویش دلی کا سبب پڑا کبھو نہیں دیکھا
تھا۔ تمام دن میرے پاس ہی اسکو روک رکھا تا بامکان اُسکے دلکو اِس غمگین خیال سے
پھیرنے کے لئے سعی کرتا رہا پھر رخصت کے وقت اُس سے اقرار لیا کہ اِس مہم سے اُلٹ آتے
ہی میرے سے ملاقات کرے۔ دوسرے دن شام کے وقت کوئی آکر دروازہ زور سے ٹھوکا
میں سنتے ہی دوڑ کر دیکھا تو یہہ نیک بخت باپ ایک خوب صورت نوجوان کا ہاتھ پکڑا ہوا کھڑا
ہی۔ خوشی سے اُسکے آنکھاں چمک رہے تھے مجھے پکار کے بولا اے مہرباں کل جو اِسقدر میری افسوس
کا سبب پڑا تھا یہی شخص ہی۔ میں اسکو آپ قیدی بنا لیا اور دوسروں کو قید میں لانیے
کے واسطے میں بہت کم تصدیع اُٹھایا۔ اتنا کہکر خوشی سے آنسو بہایا مگر ان آنسوؤں میں
شب گذشتہ کے آنسوؤں کی نسبت کرتے بہت فرق تھا۔ میری کوٹھری میں ہم تینوں ملکر
کھانا کھائے اس باپ بیٹے کی محبت پر نظر کر دیکھنے سے مجھے اِس مرتبے میں خوشی حاصل ہوئی
کہ کبھی نہیں ہوئی تھی۔

ہمارا مہم شروع ہوا تب سے ہماری فوج میں تھے سو بالا گھاتیوں کے عدد سے زیادہ انگریزی
سپاہیاں ہمارے قید میں آگئے پھر انکو کیا کرنا اور کس تھکانے لگانا سو ہمکو بڑی دقت پڑی۔
ہماری چل چلاد کی فوج کو تو ہمیشہ سفر ہی رہا کرتا تھا وے ہر روز بھاگ جانے لگے چنانچہ تھوڑے
ہی ہمارے پاس رہ گئے۔ مگر خرابہ یہہ پڑا کہ وے جا کر پھر اپنے اپنے رجمنٹوں میں مل جاتے تھے چنانچہ ہم
جن لوگوں پر اگلے فتح پا کر انکے جانوں کو امان دیتے ہوئے آئے پھر اُن سے ہمیشہ ہمکو مقابلہ
کرنا پڑتا تھا۔ انگریزوں کے حق میں یہہ امر بہت بڑے فائدہ کا ہوا کہ جن سپاہیوں پر کہ
انکا حق کچھہ نہیں تھا ویسے ہزاروں سے اگر اس طرح انکی فوج میں مل جانے لگے۔ اس قباحت
سے باز آجانے کے واسطے فقط دو صورت تھے یا تو انکو فرانس کو روانہ کردینا یہہ امر آسان
نہیں تھا کیونکہ جہازوں کو پیدا کرنے دقت پڑتی تھی یا تو انکو قید ہی میں نہیں لانا اگر لاویں
تو تہ تیغ کرڈالنا شاید یہہ بات جنگ کے شرطوں میں جانبین برابر ہی پڑتی کہ ہر ایک انگلش
سپاہی جو قیدی بن جاتا تھا بیشک اسکو دلی دینگیلاک کرڈالتے تھے۔ یہہ دوسری صورت حالانکہ
نظر کرتے انصاف کے مناسب تھی مگر ہمارے سریکھے رحم دل اور بالطبع مروت رکھنے والوں کے پاس
نہایت درجے میں کٹھن نظر آتی ہے۔ اب جنگ اور یکی آئین جو ہمکو اختیار کرنا لازم پڑا ہی
رہ گئے تھے کہ دشمنوں کے دلوں میں خوب رعب ڈال دیکر جن اشخاص سے کہ ہم ایکبار جنگ کر چکتے
ہیں بار بار پھر بھی ان ہی کے ساتھہ جنگ کرنے نہ پاویں۔ قطع نظر اسکے انگریزی سپاہ ایک دفعہ

مشکل

منتشر ہو جاویں تو بس پھر اپنے جھنڈوں کے ساتھ جا کر ملنے کی خواہش آگے کے سیکھا
انکو باقی نہیں رہتی اور ہمارے پاس سے بھاگ گئے کے بعد جو وے جانتے کہ پھر انکو
امان نہیں ملیگا تو بالا گھاتیوں کی تلوار کے صدمے سے دوسرے مرتبہ اپنے کو
مبتلا نکرتے مگر انکو معلوم تھا کہ رحم دلی کے سبب سے ہم لوگ سخت گیر نہیں اسواسطے
وے پھر بھی ایکبار اپنے کو قیدیاں بنا ڈالنے کے خطرے میں پڑتے تھے بستر بیتر اسکے
جسکی ذکر میں آگے کر چکا ہوں اور اسکے قیاس ہمیشہ ناور ہی رہتے تھے اس محمسے سے نجات
پانے کے واسطے شہزادے کو ایک تجویز بتلا یا یعنے انکے داہنے ہاتھوں کے انگوٹھے تراش
ڈالنا تا کہ وے بندوق تھامنے نپاویں۔ شہزادے کو قوم انگریز کے ساتھ جو اسکے
خاندان کے قایل بنے تھے نہایت مرتبے میں محبت رہنے کے سبب سے انکو تھوڑی بھی زحمت پہنچنے
کی تجویز کچھ رہی تو اسکو اختیار نہیں کرتا تھا
چار سو یا پانچ سو عہدہ دار تک ہمارے قیدی بنکر تھے اٹھارہ مہینے تک میسر پھر تلوار باندھنے
کی نوکری نہیں کرنا کر کے اُن سے قول لیکر شہزادہ اجازت دیا کہ جہاں چاہتے ہو
وہاں چلے جاؤ۔ فالکر کی میں سپتر سے تھے سو قیدیوں سے شہزادہ قول کے سوائے
زیادہ مضبوطی سے قسم بھی لیا مگر ڈیوک آف کمبرلنڈ نیدن بارہ سے نکلتے تب ہمارے
قیدیاں جنگ کے ہو کر تھے سو تمامی انگریزی عہدہ داروں کو خطوط روانہ کیا کہ اپنے اپنے

دُشمن +

قول اور قسم سے چھٹکارا پالیویں اور یہہ کہا کہ باغیوں کو دیتے سو قول کے موافق
عمل میں لانا انکو لازم نہیں پڑتا ہی اور یہہ بھی کہا کہ معاً اپنے اپنے رجمنٹوں میں آکر داخل
نہو جاویں تو انکی سزا یہی ہی کہ انکے عہدے دوسرے لوگوں کو دیا جاوینگے - ڈیوک آو کمبرلنڈ
کے چھٹکارا دینے کو فقط چار شخص قبول نہیں کئے یعنے سر پیٹر ہالکٹ جو لی کی رجمنٹ کا لفٹن
کرنل تھا اور گلادسمور کے جنگ میں سپر گیا تھا اور مستر راس بیٹا لارڈ راس کا اور دو
آفسران نے جواب دئے کہ تو ہمارے عہدوں کا خاوند ہی مگر ہماری عزت و حرمت کا نہیں
ان کے سواے دوسرے تمام قبول لیکر انگریزی عہدہ داروں کے نام کو دایمی عیب لگائے
انورنس میں ہمکو معلوم ہوا کہ ڈیوک آو کمبرلنڈ اپنی
فوج کو جمع کر لیکر اپریل کی اٹھارھویں کو ابرڈین سے روانہ ہوا اور اولڈ ملڈرم اور
بنف کا رستہ لیا - شہزادہ معاً لارڈ جان ڈرمنڈ کے ساتھہ رایل اسکاتس کی رجمنٹ
ایرش بریگیڈ کے پانچ پکٹ لارڈ ایلکو اور ہمارے سوار فتنر امس کی رجمنٹ کی
پکٹ کر ڈنکریلچن کو روانہ کیا آخر میں مذکور ہوئی سو پکٹ گھوڑوں کے سوالے تھوڑے
ہی دن کے آگے پیشر ہیڈ میں اتری تھی مگر اسکے ہمراہ زین اور لجامان اور دوسرا
اسباب سو ایکا نہیں تھا جو گھوڑا ہاتھہ لگتا اسپر یہہ اسباب کس ڈالتے تھے - لارڈ جان کو
تاکید ہوئی کہ اسپی کے کناروں پر مورچے باندھہ کر رکھے اور ڈیوک آو کمبرلنڈ کے ساتھہ

اُس ندی کے راستے کے واسطے مقابلہ کرے۔ لارڈ جان اِسیطرح اٹک کریگا کہ شہزادہ
بھروسا کیا تھا وہ سمجھا کہ ڈیوک کو ندی کا گھاٹ ہاتھ نہیں لگنے کے واسطے لارڈ جان
تا بامکان حکمت کریگا اور اُس راستے کو اگر وہ بالکل بعبور نکرڈال سکے تو اتنا تو بھی کریگا
کہ مضبوط مورچوں کے سبب سے ڈیوک آو کمبرلنڈ کے آنے میں اٹک پڑجاوے۔ شہزادے
کو اُمید تھی کہ اپنی تمام فوج کو فراہم کرلینے کی فرصت ملیگی کیونکہ اس فوج میں سے آدھے
لوگ تک اپنے اپنے لوگوں کو دیکھنے کی خاطر سرداروں کے ہمراہ گھروں کو گئے تھے اُن
سرداروں کی نیت یہہ تھی کہ رعیت پرجا میں سے ہر ایک شخص کو جو ہتھیار پکڑنے کے قابل
رہے بلا رعایت حکم کرکر باہر لاوے۔ سوائے اسکے انورنس میں غلّے کی گرانی نہایت
رہنے کے سبب سے بھی گھروں کو جانے کی خاطر اُنکو اجازت ملی تھی شہزادے کو یقین
ہوا کہ جس دم اُنکو حکم پہنچیگا اُسی دم آکر خوشی سے اپنی فوج میں ملجاوینگے
ڈیوک آو کمبرلنڈ اسپی ندی کا گھاٹ پار ہوگیا اور اُسکو ذرہ بھی اٹک نہیں ہوا یہہ
کیفیت صدمہ رعد کی مانند ہمارے تک پہنچتے ہی انورنس میں حیرت جو چھاگئی آسانی سے
خیال میں آسکتی ہی۔ فقط لارڈ پیلکو جو ہمیشہ اپنے کو ممتاز کرکے رکھا تھا اپنی ذات کے
نگھبانوں کو ہمراہ لے گھاٹ پر موجود ہوا اور انگریز ندی میں رہے تک چند گولے ادھر سے
اُدھر گئے اور اُدھر سے اِدھر آئے۔ مگر اُسیوقت اُسکو اُلٹ جانا پڑا۔ انگریز بمقدم گرمی

جمع کرنا

اس ٹکری کا پیچھا کیئے اور بڑے بڑی مشکل سے بھاگ گئے ۔ لارڈ جان ڈرمنڈ اپنے علاقے
میں تھے سو پیدلوں کے کوروں کے ساتھ پلٹن میں رہ گیا اور ندی کے رستے کو روکنے
کے واسطے کسی نمط کی حرکت نہیں کیا۔

مستر ہنٹر برنسید کا باشندہ جو ذاتی نگہبانوں میں کا سردار تھا قید میں سیتر ماستر نا
بچ گیا۔ وہ دشمن پر اپنا طپانچہ چلانے کے وقت اپنے گھوڑے کی گردن کو گھایل کر ڈالا
گھوڑا اسے گرا دیا لیکن جس دم انگریز آکر اسے پکڑ لینے گئے یہہ دوسرا ایک ذاتی نگہبان کے
گھوڑے پر اچھل کر سوار ہو گیا پھر وے دونوں بچ گئے ۔ لارڈ جان ڈرمنڈ تو فرانس کی نوکری میں
جنرل آف بنگے تھا مگر جنگ کے ہنر سے وہ ناواقف رہا سو بہت ہی عجیب و غریب نظر آتا ہی

نادر = نادر
P. 85

۸۱

اپریل کی پندرھویں کہ ڈیوک آو کمبرلنڈ کی پیدایش کی تاریخ تھی شہزادہ خیال کیا کہ انگریز
اس روز پی کھا کر مست رہینگے بکایک انپر حملہ کریں تو سبز جانیکا احتمال ہی۔ تیرھویں تاریخ
سے کہا ستل آو کلوڈن کے نزدیک جس مقام میں کہ ہم رہتے تھے وہاں سے دس بارہ میل کے
فاصلے پر مقام نیرن میں ڈیوک کا لشکر تھا وہاں راتکے وقت ڈیوک پر حملہ کرنے کی
تجویز شہزادہ تھانا ۔ اس کام کے واسطے وہ فوج کو معاً آٹھ گھنٹے رات کے وقت
کچھ شور پکار نہیں کر کر نکلوا اور دو صف باندھے ہوئے کوچ کر ڈالنے کا حکم کیا۔ پہلی صف کی

شروع میں معمول کے موافق لارڈ جارج آپ تھا شہزادہ جو دوسری صف کی حکمرانی پر تھا
پہلی صف اسکی رہبری کی۔ اندھیری رات میں ہمکو راستے کا کچھ نشان نہیں لگتا تھا
اس سرزمین میں سے اتر تنگ ہوکر چلے گئے اور راتوں کے وقت تمام کوچ کرنے والوں
کے حق میں جو آفت کہ ہونا لازم ہے ویسی ہی آفت ہم پر بھی ہوئی۔ اس کوچ سے نہایت
درجے میں سب تھک گئے علاوہ سب میں پریشانی اور خلل بھی پڑ گیا۔ بالا گھاٹیاں
راستے کی دقت کے سبب سے سب ایک جا باہم نہیں رہ سکے کرم ویش پھیل گئے اور
ہمارے پاس بہت سے آوارہ گرداں رہگئے۔ سوائے اسکے اور بھی بہت سے بڑے بڑے
مقامات اندھیرے میں پار ہونا پڑا کیسے بھی اچھے بندوبست کے فوجداں رہیں تو ایسے
مقام میں بندوبست کو بحال رکھنا غیر ممکن ہے۔

P. 86

٨٢

لارڈ جارج جو پہلی صف کی حکومت پر تھا انگریزوں کے پاس ٹوٹنے میل کے فاصلے سے جب
پہنچ گیا ان کے لشکرگاہ تک جا کر ملا تھا سو ایک مرغزار میں داخل ہونے کی جگہ اپنی صف
کو ٹھہرا دیکر معاً شہزادے کو اطلاع دیا کہ بالا گھاٹیاں آتے ہی انکو جنگ کے سرشتے پر کھڑے
کرنے کے واسطے یہاں تھوڑا توقف کرنا بہت ضرور ہے تاکہ روبرو سے مقابلہ کریں اور
دشمن پر سب ملکر بغیر کر بری کے یورش کریں۔ لارڈ جارج کی اس تجویز کو مستو میرنا کیھہ کا

باشندہ اور مسٹر کمپرن کوی شل کا باشندہ جو پہلی صف کی حکومت پر اُسکے ہمراہ تھے بہت
پسند کئے اور مجھے بھی ہمیشہ یہہ تجویز معقول اور درست نظر آئی مگر شہزادے کو گڑبڑی
سے اور جدا جدا آگے بڑھکر جانے کے درعوض جنگ کے سرشتے پر کھڑے رہکر اور باہم ملکر
حملہ کرنے کی بات ضرور نہیں نظر آئی اِسواسطے لارڈ جارج کے پاس اپنا خاص ایڈی
کیامپ بھیجکر حکم کیا کہ تیرے ساتھ کتنے لوگ رہے تو بھی پروا نہیں ڈیوک آوکمبرلانڈ کے
لشکرگاہ کو جاتے ہی اُسپر حملہ کر۔ لارڈ جارج کے پاس شہزادے کا جواب پہنچتے ہی وہ معاً
انگریزوں پر بڑھتے جانے کے درعوض بائیں طرف کے راستے سے پلٹ گیا۔ مسٹر ہیبرن اسے
بولا اب وقت نہیں ہی ڈیوک آوکمبرلانڈ کے لشکرگاہ کو پہنچنے کے لگے دن چڑھ جاویگا
اور دشمن ہمارے پہنچنے سے خبردار ہوکر ہماری حالت کو غنیمت جان ہم بے بندوبست
اور منتشر پیش سو عالم میں حملہ کریگا۔ مسٹر ہیبرن جوابدیا چنداں مضایقہ نہیں اگر کچھہ دن
چڑھا تو بالاگھاٹیوں کو اپنے تلواراں اچھے طور سے عمل میں لانیکے واسطے تائید ہوگی
مگر لارڈ جارج اُسکی بات نہیں سُنکر کچھہ بھی کام کرنیکے سوائے معاً کیا۔ تل آوکلودن کو
اُلٹ جانیکے عزم بالجزم پر قایم رہا۔ شہزادے کو لارڈ جارج نکل گیا سو کیفیت معلوم
نہیں تھی وہ گمان کیا کہ پہلی صف بھی اپنے آگے ہی دشمن کے لشکرگاہ کے نزدیک
نزدیک پہنچ گیا مگر اُسکا گمان غلط تھا سو جب اُسکو معلوم ہوا معاً اُلٹ گیا اور

P 87

فوج صبح کو سات گھنٹوں کے لگ بھگ خوب تھک جاکر اور کچھ کام نہیں چلنے سے
برہم ہوکر کلوڈن کو آگئی

۸۳

جبکہ بھوک سے ناتوان ہوکر اور گذشتہ تین رات کے پیہم محنت سے خوب تھک جاکر ہم
کالوڈن کو پہنچتے ہی میں تا بامکان جلدی کرکر اورنس کو چلا گیا یہاں کچھ ڈھلکا
لیکر اپنے توان کو بحال کرنیکی خواہش سے اونگتا اونگتا اپنے کپڑے اُتار اگر جب
اپنا پاؤں بچھونے پر رکھا اور چاہتا تھا کہ چادر تانوں ایسے میں ہتھیار باندھو
کرکے نقارا بجتے اور مونہہ سے ہنوز یہاں کسو کرکے فیتز جیمس کی پلٹن میں تُرتُریاں پھونکے
مجھے حیرت ہوگئی اور یہ آوازے میرے حق میں گویا رعد کے صدمے تھے۔ جلدی کرکر
کپڑے پہن لیا میری آنکھیں اور کھلے تھے گھوڑے پر سوار ہوکر ہماری فوج میں جو تیکری
پر تھی گیا یہاں ہم بہن جن تلک تھے اُس پر سے ہمکو نظر آیا کہ انگریزی فوج ہمارے سے
لگ بھگ دو میل کے فاصلے پر ہی شروع میں ایسا معلوم ہوا کہ وے جس جگہ تھے اُسی
جگہ مقام کیا چاہتے ہیں کیونکہ بہت سے ڈیرے کھڑے کرچکے تھے مگر تمام اُنکے ڈیرے
ایکبارگی گم ہوگئے اور معاً ہم دیکھے کہ ہماری طرف چلے آرہے ہیں۔ ہماری فوج جنگ
کرنے کی تیاریاں کرتی تھی سو دیکھ کر اغلب ہی کہ ڈیوک آو کمبرلنڈ اپنے نقشے کو بدلایا

وہ بیشک بہت اندھا تھا کہ بھوکھ اور پیاس کے سبب سے تھک جا کر ہمارا حال تو تباہ
ہو گیا تھا ایسے حالمیں وہ معاً ہمارے پر حملہ کرنے کے لئے سستی کیا علی الخصوص جب وہ ہماری
حرکتوں سے معلوم کیا کہ ہم اپنے کو کسی طرح سے فایدہ نہیں ہوگا سو جانکر اور اپنے
پیروں سے آپ گو زمیں جاتے ہیں سو خوب سمجھکر جنگ کرنے مستعد ہیں۔ ڈیوک اُو
کمبرلنڈ کو دن چڑھے تک معلوم نہیں ہوا کہ راتکو اُسپر بلا آنے والی تھی اور سبکو معلوم ہوتے
ہی معاً اپنے ڈیرے اُکھڑوا کے ہمارے پیچھے قریب قریب لگا ہوا چلا آیا۔

پاؤں

P 87

۸۴

شہزادہ کلوڈن کو اُلٹ آئے پر لارڈ جارج مرے پر برہم ہوکر تو تھا علانیہ فرمایا کہ اُسکے
بعد میرے سوا کوئی بھی ہو فوج پر حکمرانی نہیں کرتا ہی۔ شہزادہ عاقبت اندیشی نا کرکر ہمیشہ
جنگ کرنے پر مستعد رہتا تھا انگریزی فوج نمود ہونا شروع ہوتے ہی اِس سے بولے کہ [illegible]
مارے تعب کے اِدھر اُدھر چلے جا کر اطرف کے کھیتوں میں اور باتھوں میں منترک سوتے
ہیں بہت لوگ اُنمیں کے جنگ میں حاضر رہنا ممکن نہیں کیونکہ اُنکا کھوج نکالنا دشوار ہی
قطع نظر اسکے انکے عالمیں ہیں سیر کھے لوگوں کے ہاتھ سے کیا ہو سکیگا؟ خواب وخور نہیں
رہنے سے تھک گئے اور اُس رات کے کوچ سے بالکل ناتوان بن گئے ہیں۔ یہہ کوچ اِنگلنڈ
میں کئے تھے سو کسی ایک کوچ کی نسبت کرتے ہزار مرتبہ خراب تھا۔ انکا قوت کچھہ عادت سے

ظاہر

زمعکرنہیں۔ میدان کے پیچھے کئی سو

بلند زمین کی طرف ہٹکر چلے جانے کی خاطر اُسکو تجویز بتلا کر بولے کہ گڑھی کے کھنڈیروں سے اسکے بیسرے کو پشتی ہوگی وہاں بتیریوں پر رکھے پیرکھا اپنے توپوں کو موقع پیر رکھ سکتا ہی پھر انورلس بھی قبضے میں رہیگا اور فوج کو تازہ دم ہونے اور سونے کی رخصت ملیگی۔ انکو چوبیس گھڑی تک آرام دینویں تو بس ہی دے خوب بحال ہوکر بالکل نئے آدمی بن جاوینگے۔ اس فائدہ مند موقع میں انورلس کی پناہ کے واسطے اطراف خندق بناد الیں تو ڈیوک آف کمبرلنڈ اگر ہمارے مقام کو خوب جانچکر دیکھا سو وقت ابھی ہمارے پر وہ حملہ کریگا کرکے ڈرنے کو کچھ سبب نہین ہی اگر باوجود اسکے بھی ڈیوک جرأت کرکر حملہ کریگا تو اُسکو اپنی بے باکی کا ثمرہ دینا پڑیگا۔ پس اس مقام میں ہم چند روز تک آرام سے رہینگے کرکر خیال کر سکتے ہیں اور جو لوگ رضا لیکر غیر حاضر ہوئے ہیں اس بیچ میں آکر فوج میں داخل ہوجاوینگے۔ غرض شہزادہ کرسی کی تجویز نمانا اور جو ہو سو ہو کہکے جنگ کرنے پر عزم بالجزم کرتا تھا۔

٨٠

ہمارے میمنہ سے بہت ہی قریب رہنے کے سبب سے انکی آتشکاری کا صدمۂ عظیم اس قدر تھا کہ تمامی قطاراں ایکبارگی فرداً فرداً چھوڑ دے گئے۔ دلدل کی زمین نابرابر رہنے سے

ہانتھ

بیدرے چل

تن کی طسنیو

ہمارے میمنہ اور قلب کی ٹکریاں دشمن کے ساتھ اول مقابلہ کئے ہماری پہلی صف کچھ
ترچھی ہو کر آگے بڑھی مگر روبرو سے اور بازو سے ہلاکت بخش آتش کاری جو ہوی اس سے عاجز
آگئی پس میمنے کے لوگ ٹک نہیں سکے مجبور ہو کر بھاگ گئے مگر ہمارے قلب کی ٹکری دشمن
کے پہلے صف کو توڑ ڈالکر دوسری پر حملہ کی میسرے کی ٹکری جسمیں میں سکاٹ ہوسں کے ساتھ
تھا دشمن سے بیس قدم کے اندر فاصلے سے کھڑی تھی جب بھاگڑ سب میں ہونے لگی اور بجلی کی مانند
جلدی کے ساتھ ہماری فوج کے میمنے سے میسرے کی طرف پھیل گئی دشمن پر اپنی پہلی سلک
چلای - کیا ہیبتناک تماشا بنگیا تھا! جو بٹالیاں کہ شیروں کی طرح بہادری سے
اور استقلال کے چہرے بنائے ہوئے یورش کرنے کے واسطے آگے بڑھا کرتے تھے بہت
ہی بیطوری کے ساتھ نامردوں کی مانند کانپتے ہوئے بھاگتے نظر آئے - بالاگھاٹ کے
حملے اہل فرانس کے حملوں کے ساتھ بہت مشابہ ہیں کرکے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایک شعلہ
ہی جیسے بھڑک سے فقط ڈرنا ہی اسکے قیام کا کچھ ڈر نہیں -

کیسے اچھے سپاہی بھی ہوں وے ہمیشہ زبردست رہ کر رہینگے سو صفت انمیں نہیں -

یہہ بات ظاہر ہوی کہ اہل انگریز حصار کو اپنے تصرف میں لالئے سو وقت ہماری تباہی خواہ
مخواہ ہو جاویگی - بادشاہ آپ جائے بلکہ گرتھا سو بلندی پر سے یہہ بات کا خیال کر کر چھے
سات وقت عرض بیگیوں کو لارڈ جارج کے پاس بھیجا اور اسکو حکم کیا کہ حصار کو لینے

تصرف میں لاویوے بادشاہ دیکھا کہ اپنا حکم بجا نہیں لاتے تو بھی وہ بلندی پر بھی سو
اپنی جانے کو نہیں چھوڑا۔ بہرحال یہہ نازک وقت تھا اِس وقت وہ معاً اپنی فوج کا برا
بننے کے واسطے تقدیم کر کرا اور آپ بجالانا چاہتا تھا سو ویسے جنگی ہنران بجالا کر ایک
گرینڈیر کی سی جوانمردی ظاہر کرنا ضرور تھا۔ اسکے رعیتاں کبھی اُسکی نافرمانی نہیں کرتے
کیونکہ اُسکو اُسکے بزرگوں کے تخت پر قایم کرنیکے واسطے وے اپنا جان و مال دریغ نہیں
رکھے اور اُسکے واسطے اپنے لوہو کا اخیر بوند تک ٹپکا دینے حاضر تھے۔ بعض اتفاقات ایسے ہوتے
ہیں کہ خود سپہ سالار گھس کر جانا اور توپوں کے مارے اپنے کو پرے نہیں رکھنا ضرور پڑتا
ہی حقیقت پوچھو تو چند گولیوں کی پروا نہیں کرنے کا اتفاق ضروری جواب آکر پڑا تھا
